★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت لاہور

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات 28 ربیع الاول 1446ھ 3 اکتوبر 2024ء 17 اسوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 352

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

پنجاب حکومت تشدد پھیلانے والوں سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے

مریم نواز

عدم تشدد کا راستہ اپنانے والا معاشرہ ہی ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن ہوتا ہے، باہمی اختلافات کو بات چیت سے حل کے کلچر کو فروغ دیا جائے

ہر قسم کا تشدد اور انتشار پسندی قابل مذمت ہے، عدم تشدد کا راستہ ہی حقیقی کامیابی کا ضامن ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کا عالمی یوم عدم تشدد پر پیغام

لاہور (سعدیہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب حکومت تشدد پھیلانے والوں سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔انہوں نے عالمی یوم عدم تشدد پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہر قسم کا تشدد اور انتشار پسندی قابل مذمت ہے، عدم تشدد کا راستہ ہی حقیقی کامیابی کا ضامن ہے، معاشرتی ترقی اور فلاح کی بنیاد طاقت یا تشدد نہیں بلکہ امن اور برداشت پر ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کو رکنا آئین، قانون، جمہوریت کیلئے ضروری ہے: رانا ثناء اللہ

ملک معاشی طور پر مفلوج کیا گیا پریس کس نے کیا؟! حکومت نے مجھی کیا، اسد عمر یا پی ٹی آئی نے پیش کیا؟ اسد عمر و

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ اعلیٰ عدالتوں میں جو کچھ ہو رہا ہے یہی مسئلہ ہے۔ جیو نیوز کے مارننگ شو جیو پاکستان میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء نے کہا کہ پاناما میں نواز شریف کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

ایس سی او سربراہی اجلاس کیلئے فول پروف سیکیورٹی تھیفنی بنانے کی منظوری

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس کی تیاریوں پر اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس کے لیے فول پروف سیکیورٹی تھیفنی بنانے کے لیے لائحہ عمل کی منظوری دے دی گئی۔اسلام آباد میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

ایران کا اسرائیل پر میزائل حملہ، پاکستان ایئر ٹریفک کنٹرول کو نئی ہدایات جاری

ایران، افغانستان اور اطراف سے آنے والی تمام پروازوں کی سخت نگرانی کی ہدایت ڈرائع

کراچی (این این آئی) ایران کے اسرائیل پر میزائل حملے کے بعد پاکستان ایئر ٹریفک کنٹرول کو نئی ہدایات جاری کردی گئیں۔سول ایوی ایشن (سی اے اے) ذرائع کے مطابق ایئر ٹریفک کنٹرول کو ایران، افغانستان اور اطراف سے آنے والی تمام پروازوں کی سخت نگرانی کی ہدایت کی گئی ہے۔ذرائع کے مطابق ایئر ٹریفک کنٹرولرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ پاکستان کی فضائی حدود کے قریب ہونے والی ہر قسم کی نقل و حرکت پر نظر رکھی جائے۔اس سے قبل پاکستان ایئر لائنز (پی آئی اے) نے ایران کی جانب سے اسرائیل پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

وزارت خزانہ کا سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک سے مہنگا کمرشل قرض نہ لینے کا فیصلہ

آئی ایم ایف سے قرض ملنے کے بعد زیادہ شرح سود پر قرض نہیں لیا جائے گا، ذرائع وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک سے مہنگا کمرشل قرض نہ لینے کا فیصلہ کرلیا۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے قرض ملنے کے بعد زیادہ شرح سود پر قرض نہیں لیا جائے گا، 11 فیصد شرح سود پر پرنسپل ایگریمنٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

سیاسی جماعتوں کے احتجاج سے نمٹنے کیلیے اسلام آباد میں ریڈ زون پھر بند

راستوں پر کنٹینرز رکھ دیے گئے، فیض آباد، ایکسپریس وے بھی بند، لمبی قطاریں، عوام خوار

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی جماعتوں کے احتجاج سے نمٹنے کے لیے اسلام آباد میں ریڈ زون کو ایک مرتبہ پھر سیل کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق ریڈ زون کو جانے والے راستوں پر کنٹینرز رکھ دیے گئے جبکہ ریڈ زون کو جانے کے لیے صرف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

عمران خان جیسا کرو گے ویسا بھرو گے

شہباز نواز شریف

صفر کارکردگی، مار دھاڑ اور احتجاج میں نمبر ون، جیل میں بیٹھے شخص سے پوچھیں بلین ٹری سونامی، 350 ڈیم اور دوسری سکیمیں کہاں ہیں؟

لوگ بھیڑ بکریوں کی طرح ان کے پیچھے چل پڑتے ہیں، پوچھتے نہیں 50 لاکھ گھر کہاں ہیں؟، جھوٹ کی سیاست اور خدمت کی سیاست میں بڑا فرق ہوتا ہے، قائدین لیگ

لاہور (خبر نگار) مسلم لیگ ن کے صدر و سابق وزیر اعظم نواز شریف نے کہا کہ ہم آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہتے ہیں خائنین پھر سے آ گئے ہیں، جیل میں بیٹھے لوگوں سے پوچھیں آپ نے عوام کیلئے کیا کیا؟۔ اپنی چھت اپنا گھر سکیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ صفر کارکردگی، مار دھاڑ اور احتجاج میں نمبر ون، جیل میں بیٹھے شخص سے پوچھیں بلین ٹری سونامی، 350 ڈیم اور دوسری سکیمیں کہاں ہیں؟۔ سابق وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ لوگ بھیڑ بکریوں کی طرح ان کے پیچھے چل پڑتے ہیں، پوچھتے نہیں 50 لاکھ گھر کہاں ہیں؟، جھوٹ کی سیاست اور خدمت کی سیاست میں بڑا فرق ہوتا ہے۔نواز شریف نے کہا کہ یہ سب کو جیل میں ڈالنے کی بات کرتے تھے، اتنے بڑے بڑے بول مت بولو، اللہ سوائی، اکھو، جیسا کرو گے ویسا بھرو گے، دنیا میں جو کام کرو گے آپ کے سامنے آئے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ لوگ میں آٹو گیس کے شیل لے کر آتے ہیں، پنجاب پولیس کو ڈرانے کے لئے جتھے لائے جاتے ہیں، کیا تم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

آئینی ترمیم کا معاملہ ملتوی ہونے کے بعد نواز شریف لندن اور امریکہ جائیں گے

آئینی ترمیم کا معاملہ ملتوی ہونے کے بعد نواز شریف لندن اور امریکہ جائیں گے

لاہور (این این آئی) آئینی ترمیم کے معاملے کی وجہ سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے لندن جانے کا پروگرام مؤخر کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف کا پروگرام تھا کہ وہ اس ہفتے لندن جائیں گے اور پھر وہاں سے امریکہ جائیں گے۔ مارگلہ روڈ کھلا رکھا گیا ہے۔ ایکسپریس وے پر فیض آباد کے مقام پر بھی کنٹینر رکھ دیے گئے جس کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ صبح سویرے دفاتر اور تعلیمی اداروں کو جانے والے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار ملائیشیا کے وزیر خارجہ سے مصافحہ کر رہے ہیں

اگلا حملہ اس سے زیادہ تکلیف دہ ہوگا، آیت اللہ خامنہ ای کا اسرائیل کو انتباہ

اللہ کی مدد سے مزاحمت محاذ جو ضرب صہیونی ریاست کو لگائے گا وہ اس سے کہیں زیادہ شدید اور تکلیف دہ ہوگی

یہ پوسٹ ایران کی جانب سے اسرائیل پر بیلیسٹک میزائل برسانے کے چند ہی لمحے بعد کی گئی

تہران (این این آئی) ایران کے سپریم لیڈر سید رہبر ایت اللہ خامنہ ای نے اسرائیل کو خبردار کیا ہے کہ ایران کی جانب سے اگلا حملہ اس سے کہیں زیادہ تکلیف دہ ثابت ہوگا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیل پر حملے کے بعد سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں اسرائیل کو وارننگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

سینیٹر شبلی فراز کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکال دیا گیا

ایف آئی اے کی سرن پی این آئی الیکٹرانک ہوتی ہے جس میں شبلی فراز کا نام شامل نہیں، ڈی جی ایف آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والے سینیٹر شبلی فراز کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکال دیا گیا ہے۔اسلام آباد ہائی کورٹ میں عدالتی حکم کے باوجود سینیٹر شبلی فراز کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نہ نکالنے پر توہین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

شہباز شریف موجودہ حالات میں کچھ کمال دکھا گئے تو بچ جائیں گے: منظور وسان

محسوس ہو رہا ہے عمران خان مزید کچھ عرصہ جیل میں رہیں گے، ملیشیا دینے والے بڑے پکے ہیں

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان کا کہنا ہے کہ شہباز شریف موجودہ حالات میں کچھ کمال دکھا گئے تو بچ جائیں گے۔ایک بیان میں منظور وسان نے کہا کہ حکومتی سسٹم چلے گا، مگر چہرے تبدیل ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ راست کابینہ کو بھگتنا پڑے گا۔ حکومت کی جانب سے کمیٹی آف فنانس اینڈ ڈویلپمنٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

جسٹس منصور علی شاہ آج سپریم کورٹ نہیں آئے، رخصت لے لی

جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ کے سامنے مقدمہ مقدمات ڈی لسٹ کر دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس منصور علی شاہ آج چھوڑا اور آج کو ہی نہیں چھوڑیں گے، (ن) لیگ کا رخصت لینے پر جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی

آج کی رخصت لی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ آج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

پرویز الٰہی کے سابق پرنسپل سیکریٹری محمد خان بھٹی کی ضمانت منظور

عدالت نے 1 کروڑ روپے کے مچلکوں کے عوض محمد خان بھٹی کی ضمانت منظور کی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کے سابق پرنسپل سیکریٹری محمد خان بھٹی کی ضمانت منظور کر لی۔عدالت میں جسٹس شیرام سرور چوہدری کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے ضمانت منظور کی۔محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

پیٹرول مصنوعاتی قیمتوں میں کمی کے بعد مسافروں کو ریلیف ملنا شروع

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 190 روپے تک کمی کر دی گئی، عظمیٰ بخاری

باقی صوبوں کو بھی پنجاب حکومت کو فالو کرتے ہوئے پٹرول و ڈیزل سستا ہونے پر کرایوں میں کمی کرنی چاہیے، وزیر اطلاعات

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

لاہور، ڈائریکٹر جنرل ہیوماڈی، پنجاب پبلک پالیسی سیکرٹریٹ اور آئی پی اے ایس پاکستان کے زیر اہتمام اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن، مہنگائی مسلسل کم ہو رہی ہے

وزیر خزانہ

مہنگائی میں توقعات سے زیادہ کمی ہوئی، پائیدار معاشی استحکام کیلئے بنیادی اصلاحات ناگزیر ہیں، وزیر خزانہ

پاکستان کا بینکنگ سیکٹر بہتری کی جانب گامزن ہے، حکومت پاکستانی فریم ورک دے گی، بینکنگ سیکٹر سرمایہ کاروں کو سہولیت فراہم کریگا، سینیٹر محمد اورنگزیب

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے معروف اسلامی سکالر ڈاکٹر طاہر القادری ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے آئی ٹی مسز اطہر خواجہ احتجاجی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ مہنگائی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

پنجاب حکومت نے دو کیبنٹ کمیٹیاں، ڈی نوٹیفائی کر دیں

کیبنٹ کمیٹی آن فنانس اینڈ ڈویلپمنٹ کیبنٹ کمیٹی آن سٹیکہولڈرز بزنس کو ختم کیا گیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ نواز شریف کی زیر قیادت مشکل حالات میں بھی عوام کو تنہا نہیں

(ن) لیگ کا عزم ملکی ترقی، مہنگائی میں کمی اور عوام کی خوشحالی ہے: احسن افضل کھوکھر

نواز شریف کی زیر قیادت مشکل حالات میں بھی عوام کو تنہا نہیں چھوڑا آئندہ بھی نہیں چھوڑیں گے

چھوڑا اور آگے بھی نہیں چھوڑیں گے، (ن) لیگ کا عزم ملکی ترقی، مہنگائی میں کمی اور عوام کی خوشحالی ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

میں اور میری فیملی عمران خان کے ساتھ تھے اور ہیں گے: پرویز الٰہی

پاکستان میں سیاست کی بنجی آج بھی عمران خان کے ہاتھ میں ہے، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ ہر سچے پاکستانی کی طرح میں اور میری فیملی عمران خان کے ساتھ تھے اور رہیں گے، مودودی سیاسی عدم استحکام تحریک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

نابینا افراد نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے دعوؤں کا پول کھول دیا: بیرسٹر سیف

سڑکوں پر احتجاج دوزخ کا نمونہ بن گیا، نابینا افراد بھی حکومت کے خلاف سڑکوں پر، پی پی پی بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ نابینا افراد نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے دعوؤں کا پول کھول دیا۔اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ لاہور کی سڑکوں پر اب نابینا افراد بھی خوار ہو رہے ہیں،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

پی آئی اے نے ترکیہ کیلئے اپنا فلائٹ آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا

استنبول ایئر پورٹ پر انوینٹری سٹوٹ کی عدم ادائیگی کی وجہ سے 28 ستمبر سے آپریشن بند ہے

لاہور (این این آئی) قومی ایئر لائن نے ترکیہ کیلئے اپنا فلائٹ آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا۔قومی ایئر لائن کی جانب سے اسلام آباد اور لاہور سے استنبول ایئر پورٹ پر انوینٹری سٹوٹ کی عدم ادائیگی کی وجہ سے 28 ستمبر سے آپریشن بند ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پنجاب کو سموگ فری بنانے کی مہم موثر ہو گئی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کو سموگ فری بنانے کی مہم موثر ہو گئی کر دی گئی ہے، ایس ماحولیاتی آلودگی اور زہریلا دھواں پھیلانے والے بھٹوں کا بھٹہ گول کر دیا گیا، ضلع سرگودھا میں نارچھلا کر زہریلا دھواں پھیلانے والی فیکٹریوں پر چھاپے، 4 فیکٹریاں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

دہائیوں سے رائج ظلم، جبر کا نظام اپنی معیاد پوری کر چکا ہے، مسرت جمشید چیمہ

جعلی کمرانی صحت بارے جعلی رپورٹس کے ذریعے عوام کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتے، مریم نواز

ہے، جعلی کمرانی صحت کی بہتری کے حوالے سے جعلی رپورٹس کے ذریعے عوام کی آنکھوں میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا بدھ کو ہونے والا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف اور کابینہ اراکین کی مصروفیات پر کابینہ اجلاس ملتوی کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق کابینہ کے اجلاس میں وزیر اعظم کے دورہ امریکا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

وزیر خارجہ سے ملائیشیا کے وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو یہاں ملائیشیا کے وزیر خارجہ محمد حسن کو وزارت خارجہ آمد پر خیر مقدم کیا۔دفتر خارجہ کے مطابق انہوں نے پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوطرفہ تعاون کے شعبوں اور ملائیشین وزیر اعظم کے دورہ پاکستان کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا۔

190 ملین رینفرس: نیب کے آخری گواہ پر جرح مکمل نہ ہو سکی، سماعت ملتوی

عدالت کا وکلا صفائی کو سماعت ملتوی کرنے کے حوالے سے درخواست دائر کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) 190 ملین ریفرنس میں سابق وزیر اعظم اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے وکیل کی جانب سے نیب کے آخری گواہ پر جرح نہ مکمل ہونے کے باعث سماعت ملتوی کر دی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

جدید ٹیکنالوجی کا استعمال تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کیلئے ضروری ہے، ایکو قومی اسمبلی

سماجی و اقتصادی ترقی اور سرمایہ کاری کیلئے تجارتی برادری کی حوصلہ افزائی ضروری ہے، سردار ایاز صادق کا خطاب

لاہور (این این آئی) ایکو قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ نئی ٹیکنالوجی اور جدید آلات کے استعمال سے صنعتی شعبہ مصنوعات کی اعلیٰ معیار کو حاصل کر سکتا ہے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے صنعتی اور تجارتی شعبے کو ترقی کی راہ پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

محکمہ خزانہ نے پولیس، محکمہ صحت، ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کو بجٹ جاری کر دیا

میٹرو بس، اورنج ٹرین کو سبسڈی کیلئے 4 ارب 30 کروڑ، پولیس کو 35 ارب، محکمہ صحت کو 2 ارب جاری

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ دہائیوں سے رائج ظلم اور جبر کا نظام اپنی معیاد پوری کر چکا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

گرانٹ دی گئی۔محکمہ خزانہ نے میٹرو بس اور اورنج ٹرین کو سبسڈی کیلئے 4 ارب 30 کروڑ روپے صحت اور ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کو بجٹ جاری کر دیا میٹرو بس اور اورنج ٹرین کی سبسڈی کی مد میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

اسلام آباد، وزیر اعظم رائے سوسیائی تبدیلی و رعینہ خورشید عالم سطحی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کچھ لوگ کوشش کر رہے ہیں میں چیئرمین پی ٹی آئی نہ رہوں، بیرسٹر گوہر

وزیر قانون نے میرے ساتھ کوئی سودا ہوا نہیں کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ کچھ لوگ کوشش کر رہے ہیں کہ میں چیئرمین نہ رہوں لیکن میں تمام کوششیں ناکام ہوں گی۔الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

عوام کو ریلیف نہیں ملا تو حق دو تحریک چلائیں گے: حافظ نعیم الرحمن

تحریک کی تیاری کریں، عوام کا راستے کوئی روک نہیں سکتا، حکمرانوں، جاگیرداروں اور بیوروکریٹس نے مل کر عوام کا استحصال کیا ہے۔

جنرل، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 6 دہشت گرد ہلاک

ہلاک دہشت گرد سیکورٹی فورسز اور معصوم لوگوں پر براہ راست حملوں میں ملوث تھے، ذرائع

بلوچستان کی غیور عوام نے نام نہاد آزادی کا لبادہ اوڑھے دہشت گردوں کو مسترد کر دیا ہے، ڈفاعی ماہرین

ہرنائی (این این آئی) بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کو بڑا دھچکا لگا ہے، بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں دہشت گردوں کے خلاف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

اسلام آباد، سینیٹر عرفان صدیقی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لگ رہا ہے میانوالی ریڈ زون سے زیادہ اہم علاقہ ہے، شیخ وقاص اکرم

تمام راستے، انٹرنیٹ بند ہے، کئی شہریوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ ایسا لگ رہا ہے جیسے میانوالی ریڈ زون سے زیادہ اہم علاقہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

گوادر پورٹ، پری میٹرک سیکورٹی سسٹم فعال، 675 کیمرے نصب

پی ایس ایس ایک بلٹ ان میٹلی پر ڈیسسٹم ہے جو خطرات کا پتہ لگاتا ہے، بحران کی کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) گوادر پورٹ پر ایک اہم پیش رفت، 675 ہائی ٹیک سیکورٹی کیمروں کی تنصیب کے ساتھ پری میٹرک سیکیورٹی سسٹم (پی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

ڈیرہ مراد جمالی: جیل کی دیوین پر فائرنگ، قیدی سمیت 2 افراد ہلاک

پولیس کی جوابی فائرنگ کے بعد ایک حملہ آور زخمی حالت میں گرفتار، باقی ملزمان فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ مراد جمالی کی جیل کے قریب قیدی وین پر مسلح افراد نے فائرنگ کر دی۔ پولیس کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

جنرل، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:10
فجر	5:10
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

ڈیٹرنی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (غضنفر امتیاز) اور ڈین فیکلٹی آف ڈیٹرنی سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ خیر رمانی پولیس انٹیگرل ریسکیو سینٹر کے چیف فزیک آفیسر لاہور ایس ایس پی عمارہ اطہر اور اے ایس پی آپریشن ونگ مسٹر محمد رضا نے جانوروں کیلئے حفاظتی اقدام اور بورڈ متعلقہ کو رپورٹ کر رہے ہیں

ماضی قریب میں سینٹر قائم کیا گیا تھا، عمارہ اطہر سی ٹی او

آئی پنجاب کے ویژن کے مطابق جانوروں کی زندگی کو زخمی حالت میں اور انسانی بے رحمی سے بچانے کیلئے

ڈیٹرنی یونیورسٹی اور پولیس انٹیگرل ریسکیو سینٹر کے درمیان آوارہ جانوروں کی فلاح کے لیے مفاہمتی یادداشت کا معاہدہ طے پایا

لاہور (خبر نگار) ڈیٹرنی آف ڈیٹرنی انیڈ ہیلتھ سائنسز اور اور پولیس انٹیگرل ریسکیو سینٹر کے درمیان گذشتہ روز آوارہ جانوروں (کتے، بلیوں) کی فلاح سے متعلقہ دیکھ بھال، علاج، بے رحمی سے محفوظ رکھنے اور انٹیگرل مل رکھنے کے لیے مفاہمتی یادداشت کا معاہدہ طے پایا۔ یادداشت پر ڈیٹرنی یونیورسٹی وائس چانسلر میری لینڈ پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس اور ڈین فیکلٹی آف ڈیٹرنی سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر رمانی نے جبکہ پولیس انٹیگرل ریسکیو سینٹر کے چیف فزیک آفیسر لاہور ایس ایس پی عمارہ اطہر اور اے ایس پی آپریشن ونگ مسٹر محمد رضا نے منعقدہ تقریب میں کیے جبکہ یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران اور پولیس انٹیگرل ریسکیو سینٹر کے علاوہ ادارہ انسداد بے رحمی حیوانات سے ایشٹنڈنٹ کثیر تعداد نے تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر اسی طرح کا ایک اور مفاہمتی یادداشت کا معاہدہ پولیس انٹیگرل ریسکیو سینٹر اور ادارہ انسداد بے رحمی حیوانات کے درمیان بھی طے پایا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ دنیا کو پیارے جانوروں کی زندگی کو زخمی حالت میں اور انسانی بے رحمی سے بچانا تھا تاہم اس سینٹر کا کام پیارا ہے اور اس ایک مقصد کی انجام دہی میں ڈیٹرنی یونیورسٹی کا تعاون کسی نعمت سے کم نہیں ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت مستقبل میں دونوں ادارے جانوروں کی فلاح سے متعلقہ آگاہی اور سیمینار زمنعقد کروائیں گے نیز عملی تربیت کے لیے یونیورسٹی کے ویٹرنری طلبہ کو انٹرن شپ کے مواقع بھی میسر ہونگے۔ دونوں پارٹیاں ملکر آوارہ جانوروں کی نس بندی سے متعلقہ ان کو پکڑنے اور درڈنگی مالوز کو علاج سے متعلقہ سہولیات مہیا کرنا بھی ہے اور اس ایک مقصد کی انجام دہی میں ڈیٹرنی یونیورسٹی کا تعاون کسی نعمت سے کم نہیں ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت مستقبل میں دونوں ادارے جانوروں کی فلاح سے متعلقہ آگاہی اور سیمینار زمنعقد کروائیں گے نیز عملی تربیت کے لیے یونیورسٹی کے ویٹرنری طلبہ کو انٹرن شپ کے مواقع بھی میسر ہونگے۔ دونوں پارٹیاں ملکر آوارہ جانوروں کے علاج اور ان میں پائی جانے والی بیماریوں میں تحقیق سے متعلقہ ہر مکمل تعاون دینے کے لیے ہمہ وقت آمادہ ہے۔ مس عمارہ اطہر نے اپنے خطاب میں پولیس انٹیگرل ریسکیو سینٹر کے قیام اور معاہدہ کے اغراض ومقاصد کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ آئی پنجاب کے ویژن کے مطابق ماضی قریب میں جانوروں کی بھلائی وفلاح کو مدنظر رکھتے ہوئے سینٹر قائم کیا گیا تھا جس کا مقصد جانوروں کی زندگی کو حادثات کے وجہ سے زخمی حالت میں اور انسانی بے رحمی سے بچانا تھا تاہم اس سینٹر کا کام پیارا ہے اور اس ایک مقصد کی انجام دہی میں ڈیٹرنی یونیورسٹی کا تعاون کسی نعمت سے کم نہیں ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت مستقبل میں دونوں ادارے جانوروں کی فلاح سے متعلقہ آگاہی اور سیمینار زمنعقد کروائیں گے نیز عملی تربیت کے لیے یونیورسٹی کے ویٹرنری طلبہ کو انٹرن شپ کے مواقع بھی میسر ہونگے۔ دونوں پارٹیاں ملکر آوارہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 3 اکتوبر 2024ء

ڈی پی او حافظ آباد کا فوری انصاف

تاجر کو لوٹنے جبس بے جا میں رکھنے پولیس مقابلے میں پار کرنیکی دھمکی دینے والا کانسٹیبل گرفتار، مقدمہ درج

پولیس ملازم اپنے ساتھی کے ہمراہ تاجر اور اسکے ملازم کو اغوا کرکے کھیتوں میں لے گیا، تشدد کا نشانہ بنایا تین گھنٹے حبس بے جا میں رکھا اور 70 ہزار روپے لوٹ لئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈی پی او فیصل گلزار کا فوری انصاف۔ تاجر کو لوٹنے، حبس بے جا میں رکھنے، پولیس مقابلہ میں پار کرنے کی دھمکیاں دینے پر کانسٹیبل کو حراست میں لیکر مقدمہ درج کرنے کا حکم۔ پولیس ملازم اپنے ساتھی کے ہمراہ تاجر اور اسکے ملازم کو اغوا کرکے کھیتوں میں لے گیا، تشدد کا نشانہ بنایا تین گھنٹے حبس بے جا میں رکھا اور 70 ہزار روپے لوٹ لئے۔ پولیس مقابلہ میں پار کرنے کی دھمکیاں۔ ڈی پی او فیصل گلزار نے خود انکوائری کی الزام ثابت۔ تاجروں، شہریوں، سول سوسائٹی کا ڈی پی او کو خراج تحسین۔ سفارشیوں کا تانتا بندھ گیا۔ تفصیلات کے مطابق حاجی ادریس جن کی کسو کے روڈ نزد مسیح قبرستان سیف الماریاں وفرنیچر وغیرہ کی دکان ہے ان کا بیٹا اسد علی اپنے شاگرد کے ساتھ احمد پور چٹھہ کی طرف سے ادہار کی وصولیاں کرکے آرہے تھے کہ پل ہیڈ ساگر پر تلکا سے پانی پی رہے تھے کہ کانسٹیبل مشرف اور رضا کار مرتضی تعینات تھانہ صدر ان دونوں کو اغوا کرکے قریبی کھیتوں میں لے گئے تشدد کا نشانہ بنایا وہاں تلاشی لی اور اسد علی کی جیب سے 62 ہزار روپے اور شاگرد عدنان کی جیب سے 2700 روپے نکال کر زبردستی چھین لئے۔ اور اسد علی کے موبائل سے جاز کیش سے 5 ہزار روپے کسی کے اکاؤنٹ میں منتقل کروائے تقریباً 3 گھنٹے تشدد، حبس بے جا میں رکھنے کے بعد یہ کہتے ہوئے چھوڑا کہ کسی کو بتایا تو اتنے مقدمات میں ملوث کیا جائے گا ساری زندگی جیل کاٹو گے یا پولیس مقابلہ میں پار کردیں گے کوئی انکا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ تاجروں نے اس وقوعہ کی ڈی پی او فیصل گلزار کو درخواست دی۔ ڈی پی او نے کانسٹیبل مشرف کو طلب کیا تو کانسٹیبل مشرف کا موقف تھا کہ یہ لڑکے چرس پی رہے تھے۔ ڈی پی او نے اسد علی سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ وہ سادہ سگریٹ تک نہیں پیتا اس کا میڈیکل کروا کر چیک کرلیں جس پر ڈی پی او نے مشرف سے پوچھا کہ ان سے کوئی چرس برآمد ہوئی اگر ہوئی تو ان کے خلاف مقدمہ درج کیوں نہیں ہوا۔ اور تم نے رقم لی ہے اور جاز کیش سے 5 ہزار روپے رقم ٹرانسفر کروائی ہے تو کانسٹیبل مشرف نے بتایا کہ کوئی منشیات برآمد نہیں ہوئی اور رقم وصولی کا اقرار کیا جس پر ڈی پی او نے کانسٹیبل مشرف کو حراست میں لیکر فوری طور پر مقدمہ کے اندراج کا حکم دیا۔ جس پر پولیس ملازمین میں تھرتھلی مچ گئی اور بڑی تعداد میں پولیس ملازمین اپنے پیٹی بند بھائی کو بچانے کیلئے ودیگر افراد معافی کیلئے مدعی کے گھر اور دکان پر پہنچ گئے۔ تاجروں، شہریوں اور سول سوسائٹی نے فوری انصاف فراہم کرنے پر ڈی پی او فیصل گلزار کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

سیالکوٹ قلعہ کالر والا کے علاقہ میں 7 افراد کے قتل کی اطلاع

ملزمان کی گرفتاری کے لئے شیخوپورہ پولیس کے ساتھ مل کر ریڈ شروع کر دیئے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ قلعہ کالر والا کے علاقہ میں 7 افراد کے قتل کی اطلاع ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کا فوری نوٹس ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیموں کی تشکیل۔ تھانہ قلعہ کالر والا کے علاقہ میں 7 افراد کے قتل ہونے کی اطلاع پر ڈی پی او سیالکوٹ کا فوری نوٹس۔ ڈی پی او کے حکم پر ایس پی انویسٹیگیشن، ڈی ایس پی پسرور ایس ایچ او قلعہ کالر والا اور سی آئی اے کی ٹیم موقعہ پر پہنچ گئی۔ ایس پی انویسٹی گیشن سیالکوٹ ملک غلام عباس نے روزنامہ قوت سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اندوہناک واقعے میں ملوث تمام ملزمان کی گرفتاری کیلئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے تین ٹیمیں تشکیل دی ہیں انشاء اللہ جلد ملزمان گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لائے جائیں گے۔ واقعہ کی اطلاع کے بعد پی ایف ایس اے کی ٹیم بھی موقعہ پر پہنچ کر شواہد لے چکی ہے۔ سیالکوٹ پولیس کی جاری پریس ریلیز کے مطابق ابتدائی اطلاعات کے مطابق معاملہ پرانی دشمنی کا ہے فریقین کے درمیان ضلع شیخوپورہ میں زمین کا تنازعہ چلا آرہا ہے ملزمان کی گرفتاری کے لئے شیخوپورہ پولیس کے ساتھ مل کر ریڈ شروع کر دیئے گئے ہیں۔ مقتولین کی تفصیلات میں قاری اشفاق ولد عبدالحمید سکنہ ماڑی کلاں عمر 50 سال، نثار احمد ولد چھانگے خاں سکنہ ماڑی کلاں عمر 35 سال، محمد انور ولد رحمت علی سکنہ ماڑی کلاں، ماسٹر شفاعت ولد اصغر علی سکنہ ماڑی کلاں، عرف نیکا ولد عدیب مسیح سکنہ ماڑی کلاں، ڈرائیور نامعلوم شامل ہیں۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبد الرزاق نے رورل ہیلتھ سنٹر رسول پور تارڑ کا تفصیلی دورہ

ادویات کی فراہمی، مختلف وارڈز، میڈیکل لیب، ایکسرے روم، گائنی روم اور دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبد الرزاق نے رورل ہیلتھ سنٹر رسول پور تارڑ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں ڈپٹی کمشنر نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، سٹاف کی حاضری، ادویات کی فراہمی، مختلف وارڈز، میڈیکل لیب، ایکسرے روم، گائنی روم اور دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور، ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے رسول پور تارڑ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے وہاں مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات کے جائزہ کے سلسلہ میں مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکل سٹاف اور دیگر سٹاف کی حاضری کو چیک کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے میڈیکل لیب، ایکسرے روم، ایمرجنسی روم اور دیگر وارڈز کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگانے کے حوالے سے بگ کیچ اپ ایکٹیویٹی کے سلسلہ میں ہسپتال میں کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ بھی لیا۔

تعزیتی ریفرنس۔۔۔

صحافی صابر شیخ لال و بابر شیخ عمر کے والد کے انتقال پر تعزیتی ریفرنس کا انعقاد ہوا

کنٹینٹی روم میں بھی خواجہ عامر جاوید نے مرحوم کیلئے دعا کرائی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ کے سنیئر صحافی صابر شیخ، بلال شیخ، بابر شیخ کے والد کی وفات کے بعد تعزیتی ریفرنس کا انعقاد زیر سربراہی سنیئر صحافی خواجہ عامر جاوید ہوا جس میں سرپرست اعلیٰ کھروڑہ سیداں پریس کلب وعہدیداران، سنیئر صحافیوں میاں شمس رشید چاند، چوہدری محمد جمیل، میڈم منور سلطانہ، جمیل پردیسی، اویس ہاشمی، ظفر عباس، عرفان عفی، ڈاکٹر علی عمران محمد عمر بٹ، حسنین علی، ملک مقصود احمد، ملک علی، رانا خادم سمیت دیگر صحافیوں نے شیخ برادران کے والد کی بلندی درجات کیلئے دعائے مغفرت کی اور ان کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کیا۔ دریں اثناء ڈی سی آفس کنٹینٹی روم میں منعقدہ پریس کانفرنس سے قبل صحافی خواجہ عامر جاوید نے پریس کانفرنس میں شریک سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا نمائندگان نے شیخ برادران کے والد کی بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا کرائی۔

ڈاکٹر حافظ محمد عثمان یونس کی زیر سرپرستی فری میڈیکل کیمپ

معروف سینئر نیوروسرجن ڈاکٹر نذیر احمد اور دیگر جملہ سٹاف کی ٹیم نے خدمات انجام دیں

شکرگڑھ (نامہ نگار) یونس ہیلتھ کلینک شکرگڑھ میں ڈاکٹر حافظ محمد عثمان یونس کی زیر پرستی ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا، جس میں معروف سینئر نیوروسرجن ڈاکٹر نذیر احمد اور دیگر جملہ سٹاف کی ٹیم نے اپنی خدمات سر انجام دیں۔ سینئر نیوروسرجن ڈاکٹر نذیر احمد نے مفت میڈیکل کیمپ میں سیکڑوں مریضوں کا معائنہ اور دماغ کی چوٹ، مرگی کے دورے، سر درد، دماغ کی رسولی، دماغی توازن کا درست نہ ہونا، برین ہیمرج، کمر کا درد، گردن کا درد، حرام مغز کی رسولی کے مریضوں کا علاج کیا گیا۔ جسم کی تمام بیماریوں خصوصاً شوگر، بلڈ پریشر، دل اور بچوں کے مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا اور تمام ٹیسٹ، الٹراساؤنڈ سمیت تمام سہولیات فری فراہم کی گئی۔ فری میڈیکل کیمپ میں اور بھی موذی بیماریوں شوگر، بلڈ پریشر، بی ایم ڈی، و دیگر ٹیسٹ کئے گئے۔ یونس کلینک کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر حافظ محمد عثمان یونس نے کہا کہ آئندہ مستقبل میں بھی اس طرح کے فری میڈیکل کیمپس لگائے جائینگے۔ ان میڈیکل کیمپوں کا مقصد لوگوں کو صحت کی بنیادی سہولیات دینا ہے۔ ملک میں بدترین مہنگائی اور ادویات کی بلند قیمتوں نے شہریوں سے علاج معالجہ کو مزید دور کر دیا ہے اس صورت حال میں لوگ اپنا پیٹ بھریں یا علاج کرائیں۔

محکمہ سول ڈیفنس کی فائر فائٹنگ/فرسٹ ایڈ اور سی پی آر کی تربیت

انسپکٹر بلاول علی، انسٹرکٹر یاسمین طاہرہ، محمد شریف باجوہ، پر مشتمل خصوصی ٹیم نے تربیت دی

شکرگڑھ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عاصم ریاض واہلہ نے بتایا ہے کہ ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب کے خصوصی احکامات اور جناب ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس نارووال سید حسن رضا کے حکم ضلع کے مختلف صنعتی و کمرشل اداروں، سرکاری دفاتر اور سکول و کالجز میں ہنگامی صورتحال سے بچاؤ کے حوالے سے محکمہ سول ڈیفنس کے انسپکٹر بلاول علی، انسٹرکٹر یاسمین طاہرہ، محمد شریف باجوہ، پر مشتمل خصوصی ٹیم کی طرف سے بیسک جنرل، فائر فائٹنگ، فرسٹ ایڈ اور سی پی آر کی تربیت کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں گزشتہ روز سول ڈیفنس آفیسر نارووال کی زیر نگرانی کرسچن ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، نارووال میں تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں طالبات کو تربیت دی گئی۔ سی ڈی او عاصم ریاض واہلہ نے بتایا کہ ان اقدامات کا مقصد کسی بھی ناگہانی صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لیے آگاہی فراہم کرنا ہے اور محکمہ سول ڈیفنس لوگوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دن رات مصروف عمل ہے۔

وائس چیئرمین ڈرائی پورٹ شیخ عثمان کی صدر سیالکوٹ چیمبر عہدیداران کو مبارکباد

قائد محترم ریاض الدین شیخ کی قیادت پر ہمیں فخر ہے۔ نومنتخب آفس بیررز

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) نومنتخب صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ اکرام الحق، سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس وسیم لودھی اور نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عمر خالد کو پریذیڈنٹ آفس ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ میں وائس چیئرمین سیالکوٹ ڈرائی پورٹ ٹرسٹ عثمان عارف شیخ نے پھول وتحائف کیساتھ مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر نومنتخب عہدیداران نے وائس چیئرمین سیالکوٹ ڈرائی پورٹ ٹرسٹ عثمان عارف شیخ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ کوشش ہو گی کہ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی نمائندگی اپنی بہترین خداداد صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے بھرپور انداز میں کرتے ہوئے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا نام دنیا ہائے ممالک چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے افق پر نمایاں ہوسکے۔

حسن وسیم چیئرمین پنجاب کواپریٹو یونین لاہور منتخب ہوئے، شمس عمران

پی۔سی۔یو کو فعال ترین کیا جائیگا۔ نومنتخب چیئرمین کا سیالکوٹ میں خطاب

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم کے صاحبزادے حسن وسیم پنجاب کواپریٹو یونین لاہور کے چیئرمین منتخب ہو گئے اس موقع پر پنجاب کواپریٹو یونین کی انتظامیہ اور سٹاف نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی و پھول پیش کئے اس موقع پر قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ، سجاول علی وسیم، اسامہ وسیم اور دیگر رہنماؤں کو پھولوں کی مالا پہنا کر حسن وسیم کے چیئرمین منتخب ہونے کی مبارکباد پیش کی۔ نومنتخب چیئرمین پنجاب کواپریٹو یونین حسن وسیم نے گزشتہ روز سیالکوٹ واپسی پر استقبالیہ تقریب میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی سی یو کی مضبوطی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور اس کے دائرے کو ملکی سطح پر وسیع کیا جائے گا پنجاب کے پی کے کے ساتھ ساتھ سندھ اور بلوچستان کیلئے بھی پنجاب کواپریٹو یونین کی خدمات پیش پیش ہوں گے تمام ڈائریکٹرز کی مشارت کے ساتھ ادارہ امداد باہمی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے منوائے گا اور جو مسائل آڑے آرہے ہیں ان کو بھی جلد حل کیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ ہم ان تمام رفقاء کے مشکور ہیں، جنہوں نے ہمیں مبارکباد کے پیغامات بھجوائے ہیں اور ذاتی طور پر مبارکباد پیش کی ہے۔

ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے، ڈاکٹر عثمان انور

ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر پاکپتن پیر ریاض احمد نے سرکل انچارج انسپکٹر ٹریفک محمد عمران، T W محمد وسیم و دیگر عملہ کے ہمراہ ٹریفک آگاہی مہم کے سلسلہ میں رکشہ سٹینڈ پر جا کر رکشہ ڈرائیوروں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ حادثات سے بچنے کیلئے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور ڈرائیونگ لائسنس بنوانا انتہائی ضروری ہے ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے آپ لوگوں کی سہولت کے لیے ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کے حکم کے مطابق ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے لائسنس برانچ پاکپتن میں علیحدہ کاؤنٹر بنا دیا گیا ہے جہاں ہر وقت آپ لوگوں کی رہنمائی کے لیے ٹریفک کا عملہ موجود ہے آپ صرف اپنا اصل قومی شناختی کارڈ ساتھ لائیں اور بالکل آسان طریقے سے اپنے رکشہ کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کریں۔

ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ سیالکوٹ وڈ سرکٹ اکاؤنٹس آفس کی ملی بھگت سے کرپشن کا بازار گرم

حامد لاڈلہ کینگ اور اسکے معاونین کی کرپشن کے بارے ہوشربا انکشافات

متعدد بار ریٹائیرڈ آفیسرز کی ریٹائرمنٹ و نئی تعیناتی کے دوران سابق ایجوکیشن افیسران کے جعلی دستخط و انکے ریکارڈ میں ٹیمپرنگ کر کے بدعنوانی کی روایت قائم کردی گئی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) متعدد بار ریٹائیرڈ آفیسرز کی ریٹائرمنٹ و نئی تعیناتی کے دوران سابق ایجوکیشن افیسران کے جعلی دستخط و انکے ریکارڈ میں ٹیمپرنگ کر کے بدعنوانی کی روایت قائم کردی گئی۔ لٹریسی برانچ سے چھلانگیں لگا کر ڈائیریکٹر کے عہدے پر براجمان حامد باجوہ تقریباً ہر چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ کا منظور نظر اور سنیئر کلریکل سٹاف کا کرپشن میں سہولت کار بن چکا ہے۔ سابق سی ای او ایجوکیشن حافظ معروف کی ریٹائرمنٹ کے اگلے ہی دن انکے جعلسازی سے کئے دستخطوں سے رشوت لیکر اپوائنٹمنٹ کرانے میں پیش پیش سنیئر کلرکس کے ماسٹر مائنڈ حامد باجوہ نے اب ڈپٹی ایجوکیشن فرزانہ ناصر کی ریٹائرمنٹ کے بعد اپنے قابل اعتماد رشوت خور کلریکل سٹاف کے ایک راست محسن صادق کلرک کی مدد سے جعل سازی اور کرپشن پچھلی تاریخوں کے آرڈر اور بل بنا کر جاری و ساری ہے ریٹائر ہونے والی ڈپٹی فرزانہ ناصر کے دستخط جعلسازی سے کئے کیونکہ رجسٹرز ڈائری اور ڈسپیچ پہلے لاڈلہ گینگ کے قبضہ میں ہیں اس کی تازہ مثال ندیم چوکیدار ایلیمنٹری سکول بھروسے کی چھٹی منسوخ کر کے آج کی تاریخوں میں بل پاس کروایا گیا ہے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفس سیالکوٹ بھی اس سب میں ملوث ہے۔ محسن کلرک کسی سکول میں تعینات ہے مگر ڈپٹی تشمیل آفس سیالکوٹ کی اجارہ داری اور جعل سازی کا مکمل طور پر مالک و مختار ہے جس کی پشت پناہی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن سیالکوٹ آفس کا لاڈلہ و بااثر ترین حامد باجوہ کر رہا ہے۔ بااثر حامد نے deo زنانہ عاصمہ ڈار اور ڈپٹی کو مختلف اسائنمنٹس میں الجھا رکھا ہے تاکہ جعل سازی محفوظ رہے اور دونوں آفیسرز اپنی اس مصروفیت میں

مرید کے: دوکانداروں کی غیر قانونی تجاوزات جاری

تجاوزات کو ختم کرنا میونسپل کارپوریشن کے عملہ پر بھاری پڑ گیا

مرید کے (تحصیل رپورٹر) دوکانداروں کی غیر قانونی تجاوزات جاری، تجاوزات کو ختم کرنا میونسپل کارپوریشن کے عملہ پر بھاری پڑ گیا دوکانداروں نے بازار سے تجاوزات ختم کروانے آنے والے عملہ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالہ عملہ کا ایم سی آفس میں احتجاج افسران سے دوکانداروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ تاجروں کو ایم سی ملازمین کا تشدد کرنے کا الزام معاملہ تھانہ سٹی میں مقدمہ درج ہونے کی درخواستوں تک جا پہنچا تفصیلات کے مطابق دوکانداروں نے گندر گاہوں بازاروں میں تھڑے سجا لیے 30 فٹ بازار سکڑ کر 6 فٹ رہ گئے شہریوں کا پیدل گزرنا مشکل ہو گیا عورتیں بچے جوان سب پریشان شہریوں کی انکروچمنٹ کے خلاف اے سی مرید کے، ڈی سی شیخوپورہ، سی او ٹی ایم اے، سے مین بازار، ریل بازار، کارخانہ بازار مسجد مہاجرین بازار، حکیماں والا بازار مدینہ مارکیٹ اور ملحقہ بازاروں میں فوری اپریشن کرنے کی اپیل کی جس پر تجاوزات کو ختم کروانے کے لیے آنے والے میونسپل کارپوریشن عملہ کو دوکانداروں نے تشدد کا نشانہ بنا ڈالہ جس پر ابھی تک کاروائی نہ ہونے پر عملہ کا تحصیل آفس میں احتجاج شہر کے بازاروں میں دوکانداروں نے دوکانوں کے آگے تجاوزات کھڑی کر کے ایک دوکان کے اگے دوسری دوکان غیر قانونی بنا لی بازار سکڑ کر 6 فٹ رہ گئے جس سے شہریوں کا گزرنا مشکل ہو گیا خصوصاً خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس پر شہریوں کی شکایات پر تجاوزات کو ہٹانے کے لیے آپریشن شروع کیا گیا تو دوکانداروں نے ایم سی عملہ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالہ، شہریوں نے غیر قانونی تجاوزات بازاروں سے ختم نہ ہونے اور انتظامیہ کے بے بس ہونے پر تشویش کا اظہار کیا ہے متاثرہ تاجروں سے جب موقف لیا تو انکا کہنا تھا کہ میونسپل کارپوریشن کے مالی بھرتی ہونے والے ملازم روڈز پر ریڑھیاں لگوا کر پیسے لیتے ہیں۔ تاجروں اور ایم سی عملہ نے تھانہ سٹی مرید کے اندراج مقدمہ کی درخواستیں دے دی ہیں۔

شیخ گلزار احمد کی مہر چوہدری محمد خالد کے گھر جا کر انکے بھائی کی وفات پر اہلخانہ سے تعزیت



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن کے ضلعی راہنما اور سابق ٹکٹ ہولڈر شیخ گلزار احمد نے گزشتہ روز جماعت الصفہ پاکستان کے راہنما مہر چوہدری محمد خالد کے گھر جا کر انکے بھائی کی وفات پر اہل خانہ سے تعزیت کی اور مرحوم کی بخشش اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ بعد ازاں انہوں نے ملک برادری کے راہنما اور مقامی تاجر ملک محمد انور کے بھائی محمد ارشاد کی وفات پر ان سے گہرے رنج والم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی۔ اس موقع پر شیخ گلزار احمد کا کہنا تھا کہ وہ انکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

مصطفی آباد: مقامی صحافی ذوالفقار علی کی رہائش گاہ پر محفل میلاد مصطفی ﷺ کا اہتمام

حضور ﷺ سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے، ختم نبوت پر پہرہ دینا فرض عین ہے، علمائے کرام

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مقامی صحافی ذوالفقار علی کی رہائش گاہ پر محفل میلاد مصطفی ﷺ کا اہتمام، حضور ﷺ سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے، ختم نبوت پر پہرہ دینا فرض عین ہے: علما کرام، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد کے نواحی گاوں رائے کلاں میں مقامی صحافی ذوالفقار علی کی رہائش گاہ پر ایک خوبصورت محفل کا انعقاد کیا گیا ہے اس محفل میں بطور مہمان خصوصی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی، سابقہ چیرمین و جنرل کونسلر ڈاکٹر محمد اقبال، حاجی عبدالرشید، فرمان علی نے شرکت کی، حضرت مولانا قاری خلیل، حضرت مولانا قاری سیف الرحمان، حضرت مولانا قاری سلیم اللہ جعفر، حافظ کاشف، الیاس ملک نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حضور ﷺ سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے، ختم نبوت پر پہرہ دینا فرض عین ہے، ہمیں امت مسلمہ پر مظالم کرنے والے ممالک اور ختم نبوت پر ڈاکہ ڈالنے والے قادیانیوں کی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنے کی ضرورت ہے، تمام مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ حضور ﷺ پر درود وسلام بھیجنا روزانہ کا معمول بنالیں، محفل میں ذوالفقار علی، کرامت علی، استخار علی، حیدر علی، سخاوت علی، حاجی فرمان علی، عاشق علی، سردار علی، بابر علی پنجاب پولیس، فریاد علی، عارف علی، محمد علی، رفیق علی ودیگر معززین علاقہ و سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

سیالکوٹ پولیس میں بڑے پیمانہ پر تبادلے کر دیئے گئے

سید فہد بن فدا ایس۔ایچ۔او اگو کی تعینات، ڈی پی او نے کچھ ایس ایچ او زکو لائن حاضر بھی کیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے انسپکٹر افضال ممتاز کو ایس ایچ او تھانہ سول لائن، انسپکٹر فہد بن فدا کو ایس ایچ او تھانہ اگو کی، انسپکٹر عمران سلطان کو ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ، انسپکٹر شبیر گل کو ایس ایچ او تھانہ مراد پور، انسپکٹر شہباز کو ایس ایچ او تھانہ سترہ، انسپکٹر شہباز ڈھلو کو ایس ایچ او تھانہ سبز پیر، سب انسپکٹر عادل اقبال کو ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈسکہ، انسپکٹر محمد توقیر خان کو ایس ایچ او تھانہ موترہ تعینات کر دیا ہے۔

ناقص بیج کے باعث دھان کی فصل زبردست تباہی کا شکار ہو چکی ہے حکومت نوٹس لے، امان اللہ چٹھہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی نائب صدر امان اللہ چٹھہ نے امیر جماعت اسلامی ملک شوکت پھلروان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جھلساؤ کی بیماری اور ناقص بیج کے باعث دھان کی فصل زبردست تباہی کا شکار ہو چکی ہے لیکن حکومت نے اس سنگین صورتحال کا نوٹس لیا ہے اور نہ ہی تحقیقاتی اداروں اور زرعی ماہرین نے بیماری کی تشخیص کرنے کی ضرورت محسوس کی ہے۔ جس سے کسانوں میں شدید اضطراب پایا جارہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جعلی بیج کا کاروبار کرنے والوں نے کاشتکاروں کو زبردست نقصان پہنچایا ہے لیکن کسی سرکاری ادارہ نے انکا احتساب نہیں کیا۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ دھان کی فصل کی تباہی سے متاثرہ کسانوں کو ریلیف دیا جائے اور جعلی بیج کے ڈیلرز کا سختی سے محاسبہ کیا جائے۔ اور بیماری کی روک تھام کے لئے زرعی ماہرین کو خصوصی ٹاسک دیا جائے

گورنمنٹ حنیفاں بیگم گریجویٹ کالج برائے خواتین مصطفی آباد میں داخلے جاری

ہائر ایجوکیشن کمیشن نے 16 سالہ تعلیم کے بعد 5.1 سالہ B.ED پروگرام کو M.ED کے برابر قرار دے دیا ہے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ حنیفاں بیگم گریجویٹ کالج برائے خواتین مصطفی آباد میں محدود نشستوں پر بی ایس ایجوکیشن، بی ایڈ، اے ڈی پی ایجوکیشن، اسلامک سٹڈیز اور سوشیالوجی، باٹنی، زوالوجی، کیمسٹری میں داخلہ جاری ہیں، جبکہ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے 16 سالہ تعلیم کے بعد 5.1 سالہ B.ED پروگرام کو M.ED کے برابر قرار دے دیا ہے، داخلہ فارم کالج آفس سے حاصل کئے جاسکتے ہیں، پرنسپل آمنہ اقبال نے کہا کہ ہمارے کالج میں بہترین ماحول میں ایم فل اور پی ایچ ڈی اساتذہ کی زیر نگرانی بچیوں سے بہتر تعلیم دینے میں مصروف عمل ہیں، ہم والدین سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنی بچیوں کو پرائیوٹ کالجز کی بجائے گورنمنٹ کالج میں بھیج کر ان کے سنہری مستقبل کا فیصلہ کریں، علاقہ کی بے شمار ایسی بچیاں ہیں جو پرائیوٹ کالجز کی فیسز ادا نہ کرنے کی وجہ سے تعلیم ادھوری چھوڑنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔

گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس اجلاس میں ضلع سیالکوٹ کی تحصیل پسرور میں سی ایم ڈائریکٹو کے تحت 145 ملین روپے کی تخمینہ لاگت کی سیوریج، ڈرینج کی سکیم کی منظوری دی گئی جبکہ ضلع گجرات میں محکمہ ہائی ویز کی 359.249 ملین روپے لاگت کی روڈ کی از سر نو تعمیر کی سکیم کی منظوری دی گئی۔

آج درج ذیل فیڈرز پر بجلی بند رہے گی، جھنگ کے قارئین نوٹ فرمالیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 1 بجے تک 3 اکتوبر کو ماجھی سلطان، ڈھوڈھے شاہ، مکھیانہ، چناب کالج، غازی شاہ، کوٹ یانہ فیڈرز، 5 اکتوبر کو بلوشہا بل، شیخ علی فیڈرز، 3, 10, 17, 24, 1 3 اکتوبر کو مرنی پورہ، سٹی، ملہوآنہ، صدر، کوٹ خان، سرگودھا روڈ، شاہ جیونہ، کلیرہ، اکڑیانوالا، جیوآنہ، اٹھارہ ہزاری فیڈرز، 5, 12, 19, 26 اکتوبر کو کری والا، اکڑیانوالا فیڈرز، 8, 15, 22, 29 اکتوبر کو ریواز، سٹی، باغ، صدر، رسول پور، سرگودھا روڈ، دوسیرہ، شاہ جیونہ، کوٹ سلطان، اکڑیانوالا، اٹھارہ ہزاری فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی۔

موٹروے پولیس روڈ سیفٹی کی آگاہی کیلئے کیلئے پرعزم ہے، سید فرید علی شاہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی جی موٹروے پولیس سلمان چوہدری کی ہدایت پر کمانڈنٹ پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ ڈی آئی جی سید فرید علی شاہ کی قیادت میں موٹروے پولیس روڈ سیفٹی کی آگاہی کیلئے کیلئے پرعزم ہے ہمارے لئے اسلام ک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پیٹرولیم نرخوں میں پانچویں بار کمی: مہنگائی برقرار

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر وفاقی حکومت نے عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لئے ایک مرتبہ پھر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کردی۔ پٹرول کی قیمت میں 07.2 روپے فی لٹر اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 40.3 روپے فی لٹر کمی کی گئی۔ لائٹ ڈیزل کی قیمت میں 03.1 روپے فی لٹر جبکہ مٹی کے تیل کی قیمت میں 57.3 روپے فی لٹر کمی کی گئی ہے۔ یکم جون سے یکم اکتوبر تک پٹرول کی قیمت میں پانچ بار مجموعی طور پر 50 روپے کے قریب فی لٹر کمی ہوچکی ہے۔ اب پٹرول کی نئی قیمت 10.249 روپے فی لٹر سے کم ہوکر 03.247 روپے فی لٹر ہوگئی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت کے تحت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام کو منتقل کیا جارہا ہے۔

ادھر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی گئی ± دھر ایل پی جی کی قیمت میں اضافہ کردیا گیا۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کے نوٹیفکیشن کے مطابق گھریلو سلنڈر 86 روپے 28 پیسے مہنگا کردیا گیا ہے۔ ایل پی جی کی نئی قیمت 251 روپے 30 پیسے فی کلو مقرر کی گئی ہے جبکہ گھریلو سلنڈر کی نئی قیمت 2965 روپے ہوگی۔

کچھ عرصہ قبل تک بجلی اور پیٹرولیم نرخوں میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا جس کے باعث مہنگائی بے حدو بے کنار ہوتی چلی گئی۔ غریب اور عام آدمی ہی پر کیا موقوف، مڈل کلاس کے لیے بھی سفید پوشی کا بھرم برقرار رکھنا ناممکن ہوگیا۔ تجزیے ہونے لگے کہ پاکستان میں مڈل کلاس ختم ہورہی ہے۔ دو کلاسیں ہی بچیں گی، غریب اور امیر۔ ان کے درمیان سے لوئر اور مڈل کلاس بے وجود ہورہی ہے۔

رواں سال جون سے گزشتہ روز یکم اکتوبر تک پیٹرولیم کی قیمتوں میں فی لیٹر معقول حد تک کمی نوٹ کی گئی ہے۔ گزشتہ روز پٹرول کی قیمت میں 07.2 روپے فی لیٹر کمی کی گئی جبکہ ڈیزل تقریباً ایک روپے فی لیٹر سستا کیا گیا۔ عالمی سطح پر ستمبر کے مہینے میں آئل فی بیرل 78 روپے سے گر کر 73 روپے پر آگیا تھا۔ پاکستان میں اس کے مقابلے میں معمولی سا ریلیف دیا گیا ہے۔ مہنگائی کے طوفانوں میں گھرے ہوئے عوام اسی پر اکتفا کررہے ہیں کہ چلیں نہ ہونے سے اتنا ہی بہتر ہے۔ حکومت قیمتیں برقرار رکھتی یا اضافہ بھی کرسکتی تھی۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں گو معمولی کمی ہوئی ہے لیکن چند ماہ میں قیمتیں خاصی کم ہوئی ہیں لیکن اس کے مطابق مہنگائی میں کمی ہوئی ہے نہ ہی کرائے اس تناسب سے کم ہوئے۔ دیکھنے میں آتا ہے کہ ادھر پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے ± دھر ناجائز منافع خور قیمتوں میں اضافے کا بہانہ بنا کر ہر چیز کی قیمت میں من مانا اضافہ کرلیتے ہیں۔ پرائس کنٹرول کمیٹیاں موجود ہیں مگر ان کا عملی وجود نہ ہونے کے برابر ہے۔

پٹرولیم مصنوعات میں کمی کے تناسب سے مہنگائی میں کمی نہ ہونے کی وجہ ایک تو انتظامیہ کی عدم دلچسپی ہے، دوسرے بجلی کی قیمتوں میں لگاتار اور ناقابل برداشت اضافہ ہے۔ لوڈشیڈنگ کے ساتھ اوور بلنگ نے عوام کی قوت خرید کو پستی میں دھکیل دیا ہے۔ حکومت نے اوور بلنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا اعلان ضرور کیا مگر کسی کے خلاف کارروائی ہوتی نظر نہیں آئی۔ جن کو اوور بلنگ پر موردالزام ٹھہرایا گیا، ان کی اس میں کیا دلچسپی ہوسکتی ہے۔ ایسے فیصلے ادارہ جاتی ہوتے ہیں اس کے مطابق ہی ایکشن لینے کی ضرورت ہے۔

ہر چیز کی قیمت کے تعین میں توانائی کے نرخوں میں ردوبدل اہمیت کا حامل ہے۔ توانائی وافر اور سستی ہوگی تو مہنگائی کنٹرول میں رہے گی۔ حکومت کو اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے بجلی کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے کا باعث ہیں۔ یہ معاہدے ''عوام دوست'' حکمران اشرافیہ کی طرف سے 2054ء تک بھی کیے گئے ہیں۔ اب تو سب کو معلوم ہوگیا کہ ایسی آئی پی پیز بھی ہیں جنہوں نے بجلی پیدا کیے بغیر اربوں روپے کے بل وصول کرلیے۔ معاہدوں پر نظرثانی جیسے بھی ہونا گزیر ہوچکی ہے۔

ایران پاکستان کو سستی گیس اور پٹرول فراہم کرنے کو تیار ہے مگر امریکی پابندیاں آڑے آجاتی ہیں۔ ایران سے چین، بھارت اور کئی یورپی ممالک سستا تیل خرید رہے ہیں جبکہ پاکستان کو پائپ لائن معاہدے کی پابندی نہ کرنے پر امریکہ کی وجہ سے اربوں ڈالر کے ہرجانے کا سامنا ہے۔ امریکہ سرکار ایک تو پاکستان کو ممکنہ پڑنے والا یہ جرمانہ ادا کرے دوسرے اسی نرخ پر جس پر ایران پاکستان کو پٹرول فراہم کرنے پر تیار ہے امریکہ اسے فراہم کرے۔

مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے۔ حکومت کی ذمہ داری عوام کو ہر صورت ریلیف فراہم کرنے کی ہے۔ آئی ایم ایف کی طرف سے سات ارب ڈالر کے بیل آؤٹ پیکج کی منظوری دی گئی ہے۔ اس کی ایک ایک پائی کے خرچ اور استعمال کی کڑی سیکرٹنی کی ضرورت ہے۔ ایسے قرضوں کا غیرضروری استعمال ہوتا رہا ہے۔ کرپشن کے سکینڈل بھی سامنے آتے رہے ہیں۔ ان سات ارب ڈالر کا ایک حصہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔

عدالتیں کام نہ کررہی ہوں

1970ء کی دہائی میں لاہور کے چائے خانوں اور کالج کینٹین میں خود کو دانشور ثابت کرنے کے لئے لازمی تھا کہ آپ کو فلسفہء وجودیت کا علم ہو۔ اس فلسفے کو فرانس کے دو نامور لکھاریوں نے ہمارے دور میں مشہور کیا تھا۔ نام تھے ان کے ژاں پال سارتر اور البرٹ کامیو۔ کامیو نسبتاً جواں سالی ہی میں اس دنیا سے رخصت ہوگیا۔ اس کی موت سے قبل تاہم اس کے اکثر مداحین کو گلہ تھا کہ اس نے ''انقلابی'' نظریات سے توبہ کرلی تھی۔ اس تصور کی وجہ ''باغی'' کے نام سے لکھی ہوئی ایک کتاب تھی جس میں نہایت خلوص سے کامیو نے فرانس کے علاوہ دیگر ممالک میں ہوئے ''انقلابوں'' کا فکرمندی سے جائزہ لیتے ہوئے نتیجہ یہ نکالا کہ نظام بدلنے اور مظلوموں کو ظالموں سے نجات دلانے کے نام پر برپا ہوئے تمام انقلاب بالآخر ظالموں کے ایک گروہ کی جگہ دوسرے گروہ کی بالادستی کا راستہ بناتے ہیں۔ خلق خدا کے لئے البتہ دنیا ویسے کی ویسی رہتی ہے۔ ''انقلاب'' کے نام پر ہوئے کشت وخون اگرچہ انسان کی جبلت میں موجود وحشی کو خوفناک حد تک عیاں کردیتے ہیں۔ مختصر لفظوں میں یوں کہہ لیں کہ ہمارے بلھے شاہ نے اگر تمام عمر کی ریاضت کے بعد فیصلہ یہ سنایا کہ ''علموں بس کریں او یار'' تو کامیو کا نہایت خلوص سے ہوئی تحقیق کے بعد کلیدی پیغام یہ تھا کہ ''انقلابوں بس کریں او یار''۔

کامیو کو لیکن میں نے 1980ء کی دہائی کے وسط میں سنجیدگی سے پڑھا تھا۔ اس سے قبل میں کئی برسوں تک ''انقلاب'' کا دلدادہ رہا۔ اس حوالے سے ژاں پال سارتر مجھے بہت پسند آیا۔ اسے پسند کرنے کی وجہ یہ بھی تھی کہ اس کی لکھی کتابوں کے انگریزی تراجم پڑھنے سے قبل میں نے اسی کی لکھی ایک اور تحریر پڑھی۔ جس تحریر کا ذکر ہے وہ درحقیقت ایک کتاب کا دیباچہ تھا۔ کتاب فرانز فینن نے لکھی تھی۔ فینن افریقہ کا حیران کن حد تک تخلیقی فرزند تھا۔ سامراجی نظام سے نفرت کرتا تھا۔ پیشہ وارانہ اعتبار سے ایک ماہر نفسیات تھا۔ اپنے ہاں آئے مریضوں کا بغور جائزہ لیتے ہوئے اس نے دریافت کیا کہ ان کی جبلت تشدد کو بے چین رہتی ہے۔ وہ انسانی رگوں سے بہتے خون سے لطف اٹھاتے ہیں۔ نفسیاتی اعتبار سے عام زندگی بسر کرنے کے ناقابل ہوئے مریضوں کے رویوں پر کڑی نگاہ رکھنے کے بعد اس نے دریافت کیا تھا کہ افریقہ کے باسی کسی زمانے میں بنیادی طور پر بہت معصوم صفت تھے۔ فرانس اور بلجیئم جیسے ''مہذب'' کہلاتے ممالک مگر ان کی زرخیز زمینوں اور معدنی وسائل پر قابض ہونا چاہتے تھے۔ افریقہ کو غلام بنانے کے لئے سامراجیوں نے جو جنگیں مسلط کیں اس نے اس خطے کے باسیوں میں ''انتقام'' کی خواہش اجاگر کی۔ بطور فرد عام افریقی انسان دیوہیکل سامراجی ڈھانچے سے اپنی ذلت کا بدلہ لے نہیں سکتا تھا۔ اس کی اپنی شخصیت ہی لہٰذا اس کے دل میں ابلتے غصے اور نفرت کا نشانہ بنتی رہی۔ وہ اپنے بیوی بچوں پر رعب جھاڑتے یا تشدد کرتے ہوئے بھی دل میں جمع ہوئے غبار کو نکالنے کی کوشش کرتا۔

فرانز فینن کی کتاب کا لاہور کے ایک متین استاد جناب سجاد باقر رضوی نے نہایت آسان اور رواں اردو زبان میں ترجمہ کیا تھا۔ ژاں پال سارتر کا لکھا دیباچہ بھی اسی ترجمے کی بدولت اکثر میرا خون کھولا دیتا۔ میں کئی بار اسے یوں پڑھتا جیسے میر تقی میر یا دیوان غالب کو کھول کر پڑھا جاتا ہے۔

بہرحال سجاد باقر رضوی صاحب کے طفیل ژاں پال سارتر کی تحریر سے آگہی میسر ہوگئی تو میں نے اس کے ناولوں کے انگریزی ترجمے خرید لیے۔ سچی بات ہے کہ محض ایک ناول ہی توجہ سے ختم کرپایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ جو ناول میرے ہاتھ لگے وہ ان دنوں کے واقعات وکردار بیان کرتے تھے جب دوسری جنگ عظیم سے قبل فرانس ہٹلر کی بنائی ایک کٹھ پتلی حکومت کے کنٹرول میں تھا۔ تاریخی اور ثقافتی تناظر سے اجنبیت سارتر کا ادبی کام سراہنے میں مشکل کا سبب ہوئی۔

کافی وقت گزر گیا تو اسلام آباد میں پرانی کتابوں کی دوکان سے مجھے سارتر کا لکھا ایک ڈرامہ بھی مل گیا۔ انگریزی زبان میں اس کا عنوان تھا Hell (جہنم)۔ بعدازاں یہ بھی دریافت ہوا کہ اسی ڈرامے کا ایک اور انگریزی ترجمہ Exit No یعنی ''باہر جانے کا کوئی راستہ نہیں'' کے نام سے بھی ہوا تھا۔ جب میں نے یہ ڈرامہ خریدا تو بے روزگار تھا۔ ذوالفقار علی بھٹو پھانسی پر چڑھائے جاچکے تھے۔ صحافت میں کوئی نوکری دینے کو تیار نہیں تھا۔ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ زندگی کے باقی دن کیسے گزارے جائیں گے۔ اس شش وپنج میں یہ فیصلہ بھی نہ کرپایا کہ لاہور لوٹ جاں یا اسلام آباد ہی میں قیام پذیر رہوں۔

چند ماہ گزرنے کے بعد مجھے پاک ٹی وی کے چند مشفق دوستوں نے مشورہ دیا کہ میں ٹی وی کے لئے ہر ہفتے آدھے گھنٹے کا ایک ڈرامہ بچوں کی تفریح کے لئے لکھوں۔ بچوں کے لئے میں لکھنے کے قابل نہیں تھا۔ ایک اور شفیق دوست نے مشہور برطانوی لکھاری BlytonEnid کی جانب توجہ دلادی۔ اس خاتون نے بچوں کے لئے بے شمار ناول لکھے ہیں۔ میں نے راولپنڈی کی ایک مشہور دوکان سے اس کے کئی ناول خرید لئے۔ انہیں توجہ سے پڑھنے کے بعد مقامی مزاج سے ملتے جلتے چند کردار ایجاد کئے اور یوں سلسلہ وار ڈرامے لکھنا شروع ہوگیا۔ یہ سلسلہ اتنا مقبول ہوا کہ تین کے بجائے چھ مہینے چلا اور میں اسلام آباد رہنے کے لئے تقریباً ایک سال کا خرچہ جمع کرنے کے قابل ہوگیا۔

رزق کمانے سے قبل جو وقفہ آیا تھا اس کے دوران میں نے سارتر کے ڈرامے کو بارہا بہت غور سے پڑھا۔ اس میں تین کردار ہیں۔ دو عورتیں اور ایک مرد۔ تفصیل بیان کئے بغیر تاثر یہ ملتا ہے کہ وہ مرنے کے بعد غالباً جہنم کے ایک کمرے میں بند کردیئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ گماں بھی ہوتا ہے کہ تینوں سے کوئی جرم سرزد ہوا تھا جس کی وجہ سے انہیں اس کمرے میں بند کردیا گیا۔ وہاں سے باہر جانے کا کوئی راستہ موجود نہیں۔ ایک دوسرے کے ساتھ مستقل رہتے ہوئے تینوں کردار انسانی نفسیات کی بے شمار جہتوں کو عیاں کرتے ہیں۔ ان کے اکٹھے رہنے کا بنیادی پیغام بالآخر یہ ملتا ہے کہ ''جہنم درحقیقت دوسرے لوگ ہیں'' جن کے ساتھ زندگی گزارنا آپ کے اعصاب کو مفلوج بنادیتا ہے۔ میں کئی برسوں تک اس ڈرامے کے طلسم سے حیرت زدہ رہا۔

1996ء میں ایک بار فرانس جانے کا موقع ملا تو میں نے بہت کوشش سے اس کیفے کو ڈھونڈ کر وہاں بیٹھنے کی کوشش کی جہاں ژاں پال سارتر مستقل بیٹھا کرتے تھے۔ سنا ہے کہ وہ اسی کیفے میں بیٹھ کر اپنے مضامین وناول وغیرہ بھی لکھتے۔ اس کیفے میں ایک خاتون پروفیسر سے گفتگو کا موقع ملا۔ اسے جب سارتر سے اپنی عقیدت بتائی تو اس نے یہ جاننا چاہا کہ میں اس کی کونسی تحریر کو سب سے زیادہ پسند کرتا ہوں۔ میں نے Hell کے عنوان سے پڑھے ڈرامے کا ذکر کردیا۔ استادوں سے مختص شفقت سے مادام نے سوال کیا کہ مجھے اس کا فرانسیسی زبان میں عنوان کا علم ہے۔ شرمندگی سے محض یہ بتاسکا کہ مجھے فرانسیسی زبان کا ایک لفظ بھی نہیں آتا۔ ان محترم خاتون نے اس کا فرانسیسی عنوان بتایا اور ترجمہ بھی۔ عنوان ایک اصطلاح پر مبنی ہے جس کا مطلب ہے کہ ''جب عدالتیں بند ہوں''۔ مختصر معنوں میں سارتر کے ڈرامے کا حقیقی پیغام یہ تھا کہ انسانوں کی زندگی اس وقت جہنم بن جاتی ہے جب عدالتیں چھٹی پر ہوں یا کام نہ کررہی ہوں۔ برائے مہربانی سارتر کی محبت میں جوبات برجستہ انداز میں لکھ بیٹھا ہوں اسے پاکستان کے موجودہ حالات پر تبصرہ شمار نہ کیا جائے۔

لبنان سے ایران کی رخصتی

کسی ملک پر دوسرے ملک کا، تاریخ کا سب سے انوکھا حملہ ہوا ہے۔ یعنی اسرائیل نے لبنان کی حکومت سے باقاعدہ اجازت لے کر اس پر حملہ کیا ہے۔ اسرائیل نے جب حملے کا ارادہ کیا اور لبنانی حکومت کو اس سے آگاہ کیا تو لبنانی حکومت نے کہا، ابھی نہیں، چند گھنٹے دو تاکہ ہم اپنی فوج اس علاقے سے واپس بلالیں جہاں پر نظرکرم ڈالنے کا آپ نے ارادہ فرمایا ہے۔ چنانچہ اس مہلت کے اندر اندر لبنانی فوج دریائے سطانی سے بھی پیچھے چلی گئی اور کہیں سے 5 کلومیٹر، کہیں سے دس کلومیٹر کا علاقہ خالی کردیا۔ یہ حملے کا پہلا مرحلہ ہے، اس کے بعد اسرائیل مزید آگے جائے گا اور اسرائیلی یہ اشارہ دے رہے ہیں کہ اس بار وہ آپریشن کرکے واپس نہیں جائیں گے بلکہ مقبوضہ گولان کی طرح اس علاقے کو بھی اسرائیل میں ضم کرلیں گے۔ لبنان کا نیا نقشہ یعنی کہ جلد جاری ہونے والا ہے۔

حزب اللہ کی زمینی فورس زیادہ تر لبنان سے نکل کر شام چلی گئی ہے البتہ اس کی راکٹ باری کرنے والی مشینری کے بہت سے یونٹ بدستور لبنان میں موجود اور فعال ہیں۔ شام میں جانے والے حزبی گوریلے مقامی آبادی کے مکانات پر قبضہ کررہے ہیں، انہیں قتل اور زخمی کررہے ہیں۔ شام میں اس وقت مقامی آبادی بہت کم رہ گئی ہے۔ تین چوتھائی آبادی یا تو شمال کے ''آزاد'' علاقے میں مقیم ہے یا پھر یورپی اور دوسرے ملکوں کو ہجرت کرگئی ہے۔ بظاہر اب مزید مقامی آبادی کو مہاجرت کا سفر کرنا ہوگا۔

ایک بہت بڑی پیشرفت یہ ہوئی ہے کہ اقوام متحدہ کے ساتھ (اصل میں تو امریکہ کے ساتھ) لبنانی حکومت کا ایک معاہدہ ہوگیا ہے جس کے تحت لبنانی حکومت باقی ماندہ حزب اللہ کو غیرمسلح کرے گی۔ یعنی اس کا تنظیمی وجود رہے گا، فوجی وجود ختم کردیا جائے گا۔ یہ کام لبنانی حکومت کے بس کا نہیں ہے لیکن کیا یہ کیا جائے گا۔ مطلب آپ سمجھتے ہیں، لبنانی حکومت کے پردے میں ہر کام امریکہ کرے گا۔ حتمی نتیجہ یہ کہ لبنان پر ایرانی کنٹرول ختم۔

اسرائیل نے ایران میں ''رجیم چینج'' کی پیشگی خبر سنائی ہے۔ مطلب یہ کہ امریکہ اب اسرائیل کے پردے میں ایران کے ساتھ کوئی بڑی واردات ڈالنے والا ہے۔ حوثیوں پر مسلسل حملے ان کی کمزوری اور نتیجتاً شمالی یمن میں عوامی سطح پر بے چینی بلکہ انارکی کی طرف لے جائیں گے جس کا فائدہ سعودی اتحاد اٹھاسکتا ہے جس نے پہلے ہی الحدیدہ کی بندرگاہ کا تین طرف سے محاصرہ کررکھا ہے۔ شمالی یمن کا جنوبی حصہ، تعز کے شہر تک، پہلے ہی سعودی اتحاد کے قبضے میں ہے۔

ہمارے ہاں کے دانشور تیسری جنگ عظیم کی خبر دے رہے ہیں۔ کسی بھی جنگ یا عالمی جنگ کیلئے ایک سے زیادہ فریقوں کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ یہاں دوسرا فریق کہاں ہے، یہ دانشور حضرات ذرا بتا دیں تو مہربانی ہوگی۔ ایران نے، بزبان خود اعلان کردیا ہے کہ وہ جنگ سے ڈرتا نہیں ہے لیکن جنگ کرے گا نہیں کیونکہ جنگ کسی کے مفاد میں نہیں۔ پرویز

مشرف یاد آگئے، فرمایا کرتے تھے، کسی سے ڈرتا ورتا نہیں ہوں، (بس امریکہ کا فون آنے پر لیٹ جایا کرتا ہوں)۔

ایران جنگ نہیں کرنا چاہتا، وہ جنگ کر بھی نہیں سکتا۔ جس ملک کے پاس فضائی دفاع کا نظام ہی نہ ہو اور جو ملک دشمن ملک پر ہزاروں ڈرون اور میزائل داغے اور وہ سب کے سب آتش بازی کے پٹاخے ثابت ہوں، وہ جنگ کر بھی نہیں سکتا۔ چنانچہ فی الحال تیسری عالمی جنگ کے امکان کا لطیفہ سنانے کا وقت نہیں ہے۔ اسرائیل غزہ کے بعد لبنانیوں کے قتل عام بلکہ نسل کشی پر اتر آیا ہے۔ اس کا پلہ، جہاں بھی گرے گا، لبنانی مرے گا چاہے وہ شیعہ ہو عیسائی ہو یا سنی ہو۔ یہودی نہیں مرے گا اور اسرائیل کیلئے آئیڈیل صورت حال یہ بھی ہے کہ امریکہ برطانیہ روس چین ترکی عرب ممالک سمیت سب متعلقہ طاقتیں اس کی لپیٹ پر ہیں۔ کچھ کھلی حمایت کے اعلانات کے ساتھ، باقی مذمت کے پردہ نفاق کے پیچھے سے۔ ہمارے ہاں البتہ ایسے سنہرے خواب دکھانے والے موجود ہیں کہ روس اور چین نے اپنی فوج روانہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

تازہ اطلاع یہ ہے کہ ایران نے امریکہ کو یقین دلایا ہے کہ وہ اپنے گوریلے لبنان میں بھیجنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔ گویا ایک اور فیصلہ واپس لے لیا گیا ہے۔

اگلے ہفتے شنگھائی کانفرنس اسلام آباد میں ہورہی ہے۔ چین ملائیشیا سمیت کئی بااثر ایشیائی ممالک کے سربراہ پاکستان آئیں گے۔ عالمی اداروں نے سند جاری کی ہے کہ ملکی معیشت مستحکم ہورہی ہے، گروتھ ریٹ بھی بڑھ رہا ہے، برآمدات میں بھی اضافہ ہورہا ہے اور سمندر پار پاکستانیوں کی طرف سے بھیجی جانے والی رقوم بھی پہلے سے زیادہ ہوگئی ہے۔ افراط زر 30 فیصد سے کم ہوکر سنگل ڈیجٹ پر آگیا ہے یعنی دس فیصد سے بھی کم ہوگیا ہے۔ (اگرچہ مہنگائی کم نہیں ہوئی، طوفان کی رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ طوفان کی رفتار میں کمی کو وفاقی وزیر مہنگائی میں کمی سے تعبیر کررہے ہیں اور جواب میں عوام کا ''شکریہ'' وصول کررہے ہیں۔ شکریہ کے الفاظ کچھ ایسے ہیں کہ نگل نہیں کتے جا سکتے۔ بہرحال ملک استحکام میں پلٹ آیا ہے اور مہنگائی کم ہونے کی امید بھی پیدا ہوگئی ہے۔

چنانچہ ان ''ناقابل برداشت'' حالات میں ڈی چوک پر پھر سے دھرنا میلہ سجانا ضروری ہوگیا تھا۔ اڈیالہ کے ''فائیو سٹار ہوٹل'' والی رہائش گاہ سے جناب اڈیالوی نے 4 تاریخ کو دھرنے کی کال دیدی ہے۔

لیکن، لیکن 2014ء کا وہی سماں پیدا کرنے، رقص میں سارا جنگل ہونے اور جنگل میں پھر منگل ہونے کیلئے آب حیات کا چشمہء فیض ہونا ضروری ہے۔ اور وہ چشمہ تو خشک ہوچکا۔ خشک بھی ایسا کہ خاردار جھاڑیاں اور زہریلی گھاس اُگ آئی، وہاں سے بادبہاری نہیں، صرصر کی بادسموم چلتی ہے۔

اڈیالوی صاحب کو ماحولیاتی تبدیلی کا شاید کسی نے بتایا ہی نہیں۔

ایک صاحب تھے، پی ٹی آئی کے زبردست گوریلے..... امتحان میں نقل کرتے ہوئے پکڑے گئے، نوٹس جاری ہوا لیکن اپنی حکومت تھی معاملہ دبا دیا گیا۔

اڈیالوی صاحب کو پتہ چلا کہ موصوف نے امتحانات میں نقل کرنے کا فریضہ انجام دیا ہے تو..... کی طرح خوش ہوئے چنانچہ فوری حکم صادر فرمایا کہ موصوف کو وزیر تعلیم لگا دیا جائے۔ گنڈاپور نے تعمیل کی اور انہیں وزیر تعلیم بنا دیا۔ گزشتہ روز سے ان کی وڈیو وائرل ہو رہی ہے۔ وہ کے پی اسمبلی میں تقریر فرما رہے ہیں جس میں مریم نواز کیخلاف خاصی عریاں گفتگو کی گئی ہے۔ معاف کیجئے گا، خاصی عریاں نہیں، خاصی سے زیادہ عریاں، فحش، ننگی اور ازحد غلیظ۔ پی ٹی آئی کے ارکان کیلئے فردوس گوش البتہ! سرمست حاضرین اسمبلی یہ خطاب سن کر بدمست ہوگئے۔

اب تو مان لیجئے حضور کہ جناب اڈیالوی ہر بندے کو صحیح جگہ لگاتے ہیں۔ اب تعلیمی لحاظ سے کے پی کا مستقبل اور بھی ''روشن'' ہوگا، کیا خیال ہے۔؟

تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلمان بھی ہو!!!!

آج مشرق وسطیٰ میں مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کو دیکھ کر شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال یاد آتے ہیں، آج مسلمانوں کا وہ دور یاد آتا ہے جب وہ حکمران تھے اور صرف انسان ہی نہیں جانوروں کا بھی خیال کرتے تھے، جنگوں میں اسلامی تعلیمات پر عمل کرتے تھے، خواتین اور بچوں کی حفاظت کرتے تھے۔ آج مشرق وسطیٰ میں، فلسطین میں، یمن میں، لبنان اور شام میں مسلمانوں کے گلے کاٹے جارہے ہیں، مسلمانوں کی نسل کشی ہورہی ہے، بچوں کو شہید کیا جارہا ہے، بچوں کہ معذور بنایا جارہا ہے، بزرگوں کا مذاق بنایا جارہا ہے، انہیں اذیت دی جارہی ہے، جوانوں کو شہید کیا جارہا ہے، عمارتوں کو ملبے کا ڈھیر بنادیا گیا ہے، بنیادی ڈھانچہ تباہ کردیا گیا ہے، فلسطین میں گذشتہ چند ماہ کے دوران ہزاروں شہادتیں ہوچکی ہیں، اسماعیل ہنیہ کو شہید کیا گیا، حزب اللہ کے حسن نصر اللہ کو شہید کردیا گیا، لبنان پر بمباری ہورہی ہے، شام کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ یہ کیا ہورہا ہے، قبلہ اول بیت المقدس کی بے حرمتی ہورہی ہے مسلمانوں کے خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں، اسلام اور مسلمانوں کے دشمن متحد ہو حملہ آور ہیں دنیا کے بڑے ممالک بجائے اس کے کہ ظالم کا ہاتھ روکیں، ظلم کیخلاف کھڑے ہوں، وہ ظالم کا ساتھ دے رہے ہیں، مظلوم کو دبا رہے ہیں، جو شہید ہورہے ہیں ان کا ساتھ دینے کا ارادہ رکھنے والوں کو دھمکیاں مل رہی ہیں آج جب آپ ان سطور کا مطالعہ کررہے ہوں گے نجانے کیا حال ہو کیونکہ عالمی طاقتیں ایران کو خبردار کررہی ہیں کہ کسی بھی جوابی حملے کی صورت میں اسے ہر قسم کے نقصان کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ کیونکہ اب تک کی اطلاعات کے مطابق ایران نے اسرائیل پر حملہ کرتے ہوئے چار سو بیلسٹک میزائل داغ دیئے ہیں۔ اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران سے اسرائیل کی جانب کم از کم 102 میزائل فائر کئے گئے ہیں۔ ایرانی حملے کے بعد اسرائیل میں سائرن بج اٹھے۔ اسرائیلی ڈیفنس فورسز (آئی ڈی ایف) کی جانب سے ایران کے حملے کی تصدیق کردی گئی ہے۔ اسرائیلی شہر حیفا میں فائرنگ کا واقعہ بھی پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں



10 اسرائیلی شہری ہلاک ہوئے ہیں۔ اسرائیلی دارالحکومت تل ابیب میں مسلح افراد بھی گھس گئے ہیں جن کی فائرنگ سے ہلاکتوں کا خدشہ ہے۔ حزب اللہ کی جانب سے بھی اسرائیل پر حملہ کردیا گیا ہے اور لبنانی مزاحمتی تحریک کی جانب سے متعدد راکٹ فائر کئے گئے ہیں۔

ممتاز اسلامی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے مسئلہ فلسطین حل کرنے کے لیے نیٹو طرز کے اتحاد کی تشکیل کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ نیٹو کے 32 ممالک ہیں، اگر کسی ایک ملک پر حملہ ہو تو تمام ممالک پر حملہ تصور ہوتا ہے۔ ذاکر نائیک کا کہنا تھا کہ 57 اسلامی ممالک کو بھی نیٹو کے اصولوں پر مبنی ایک اتحاد تشکیل دینا چاہیے۔ اس طرح مسلمان ممالک زیادہ طاقت ور ہوں گے، لیکن افسوس کہ مسلمان تقسیم کا شکار ہیں۔ کاش کہ مسلمان متحد ہو جائیں کاش کہ مسلمان اپنے بچوں، بزرگوں، جوانوں اور خواتین کو بچانے کے لیے متحد ہو کر ظالموں کا مقابلہ کریں۔

کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ مسلمان ایک ہو جائیں، شاید آج کے لیے ہی شاعر مشرق نے لکھا ہو کہ

یوں تو سید بھی مرزا بھی افغان بھی
تم سبھی کچھ بتاؤ تو مسلمان بھی ہو

یہ حالات ایک مرتبہ پھر مسلمانوں کی غیرت کو للکار رہے ہیں، نجانے مسلمان حکمران کن مصلحتوں کا شکار ہیں۔ کب تک آنکھیں بند کرکے خود کو محفوظ سمجھتے رہیں گے۔ کوئی مسلمان ملک مت سمجھے کہ یہ آگ اس کے ملک تک نہیں پہنچے گی۔ اس آگ کو روکنے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ اگر طاقت کا مقابلہ طاقت سے نہیں کریں گے تو ظالم کا ہاتھ نہیں رکے گا۔ ایک طرف مشرق وسطیٰ میں مسلمانوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے تو دوسری طرف مقبوضہ کشمیر میں بھارتی حکومت کی کشمیریوں پر ظلم و بربریت جاری ہے۔ نریندرا مودی کی حکومت میں کشمیریوں کے لیے زندگی تنگ کردی گئی ہے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوج کی بدترین ریاستی دہشت گردی جاری ہے۔ ستمبر کے مہینے میں بھارتی فوج کے ہاتھوں ایک لڑکے سمیت سترہ کشمیری شہید ہوئے ہیں۔ بھارتی فوج کی جانب سے ستمبر میں 14 کشمیریوں کو ماورائے عدالت اور جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا جبکہ گزشتہ ماہ 196 عام شہریوں اور سیاسی کارکنوں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار افراد میں سے زیادہ تر کے خلاف پبلک سیفٹی ایکٹ اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام جیسے کالے قوانین کے تحت مقدمات درج کیے گئے۔ بھارتی فوجیوں نے اس دوران محاصرے اور تلاشی کی ایک سو اکاون کارروائیوں اور گھروں پر چھاپوں کے دوران کم از کم ایک گھر کو تباہ کیا۔ نہ نریندرا مودی کو روکنے والا کوئی ہے نہ مشرق وسطیٰ میں مسلمانوں کے مخالفین کو روکنے کے لیے بڑے پیمانے پر کام ہورہا ہے۔ ہم کب تک لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والوں اللہ اکبر کا نعرہ لگانے والوں کو شہید ہوتا دیکھتے رہیں گے۔

امریکا نے مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے پیش نظر خطے میں اپنے فوجی اثاثوں میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق مشرق وسطیٰ میں جن فوجی اثاثوں میں اضافہ کیا ہے ان میں جدید ملٹری جہاز اور ڈرونز شامل ہیں۔ ان اثاثوں میں اضافے کا مقصد فلسطین اور اس کی حمایت یافتہ تنظیموں کی کڑی نگرانی ہوگی اس کے علاوہ اسرائیلی جارحیت کے جواب میں ایران یا کسی بھی دوسرے ملک کی طرف سے اسرائیل پر کسی بھی حملے کا جواب دیا جائے گا۔ امریکی ایئرفورس کے ایف 16، ایف 15 ای اور اے 10 جنگی طیارے بڑھانے کا منصوبہ ہے جس کی امریکی محکمہ دفاع نے فوری منظوری دے دی ہے۔ امریکا اسرائیل کو میزائل اور ڈرون حملے سے محفوظ بنانے کیلئے پُرعزم ہے۔ اپریل میں ایرانی میزائل اور ڈرونز حملے روکنے میں امریک

بابر اعظم قومی وائٹ بال ٹیم کی کپتانی سے مستعفی

کپتانی چھوڑنے کا نہیں کہا گیا تھا، ذرائع

فیملی کے ساتھ وقت گزارنا چاہتا ہوں، اب تک جو حاصل کیا اس پر فخر محسوس کرتا ہوں، بطور کھلاڑی اپنی ذمہ داری پوری کرنے کے لیے تیار ہوں

لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان کی ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے قومی ٹیم کی کپتانی سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ بابر اعظم نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کپتانی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور کھلاڑی کردار ادا کرنے پر توجہ دینا چاہتا ہوں۔ بابر اعظم کا کہنا تھا کہ کپتانی اچھا تجربہ تھا لیکن ورک لوڈ میں اضافہ ہوگیا تھا، میں اپنی پرفارمنس پر توجہ دینا چاہتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیملی کے ساتھ وقت گزارنا چاہتا ہوں، اب تک جو حاصل کیا اس پر فخر محسوس کرتا ہوں، بطور کھلاڑی اپنی ذمہ داری پوری کرنے کے لیے تیار ہوں۔ بابر اعظم کے کپتانی سے مستعفی ہونے کا معاملہ سامنے آنے کے بعد ذرائع کا کہنا ہے کہ بابر اعظم کو کپتانی چھوڑنے کا نہیں کہا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق گیری کرسٹن نے بابر اعظم کو ون ڈے میں کپتانی کرنے کے لیے کہا، جبکہ گیری کرسٹن ٹی ٹوئنٹی میں نئے کپتان کو لانے کے خواہشمند تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وائٹ بال کوچ گیری کرسٹن نے جولائی میں ہی ٹی ٹوئنٹی کپتان کی تبدیلی کا کہہ دیا تھا، جولائی میں گیری کرسٹن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی رپورٹ پیش کرنے اور میٹنگز کے لیے پاکستان آئے تھے۔ جولائی میں گیری کرسٹن کی بابر اعظم سے بھی ملاقات ہوئی اور انہوں نے کپتانی پر بات کی، اسی طرح کنیکشن کیمپ کے موقع پر بھی گیری کرسٹن بابر اعظم کو ون ڈے میں کپتانی کرنے کے لیے قائل کرتے رہے۔ بابر اعظم کھلاڑیوں سے دوری ہونے اور قدر نہ ہونے کے باعث کپتانی برقرار رکھنے کے قائل نہیں تھے، جبکہ ورلڈ کپ کے بعد بورڈ میں سے کوئی ان سے رابطے میں بھی نہیں تھا۔

ریکارڈز کے انبار: بھارت نے ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ بدل دی

کانپور (این این آئی) بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز بھارت کے لیے تاریخی ثابت ہوئی ہے جس میں ہر روز کوئی چونکا دینے والا ریکارڈ بنتا رہا ہے۔ بھارت نے بنگلادیش کے خلاف کانپور ٹیسٹ میچ میں صرف 312 گیندوں پر 383 رنز بنا کر ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ بدل دی، بھارتی بلے بازوں نے دوسری اننگ میں 36.7 رنز فی اوور کی اوسط سے مجموعی طور پر 312 گیندیں کھیل کر 383 رنز بنائے۔ ٹیسٹ کرکٹ میں ایسا پہلی بار ہوا ہے کسی ٹیم نے 7 رنز فی اوور کے حساب سے رنز بنائے ہوں، جنوبی افریقا نے 2005 میں زمبابوے کے خلاف ایسی ہی جارحانہ اننگز کھیلی تھی۔

نیوزی لینڈ کے ٹم ساؤتھی ٹیسٹ کی کپتانی سے دستبردار

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے ٹم ساؤتھی ٹیسٹ کی کپتانی سے دستبردار ہو گئے۔ اس حوالے سے نیوزی لینڈ کرکٹ کا کہنا ہے کہ ٹم ساؤتھی کی جگہ ٹوم لیتھم کو ٹیسٹ کپتان مقرر کر دیا گیا ہے۔ ٹوم لیتھم ماضی میں 9 ٹیسٹ میچز میں نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کی کپتانی کر چکے ہیں۔ ٹوم لیتھم بھارت کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں 15 رکنی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ ٹم ساؤتھی نے 14 ٹیسٹ میچز میں نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کی قیادت کی، جن میں سے 6 جیتے اور 6 ٹیسٹ میچز میں شکست ہوئی جبکہ دو میچز کا نتیجہ نہیں نکلا۔ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 16 اکتوبر سے بنگلورو میں کھیلا جائے گا۔

شکیب کا ممکنہ آخری ٹیسٹ: کوہلی نے بیٹ تحفے میں دیدیا

کانپور (این این آئی) بھارت کے سٹار بلے باز ویرات کوہلی نے شکیب الحسن کو انکے ممکنہ آخری ٹیسٹ پر دستخط شدہ بیٹ تحفے میں دے دیا۔ کانپور میں بنگلادیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ کے اختتام پر ویرات کوہلی نے شکیب الحسن کو انکے ممکنہ آخری ٹیسٹ کے موقع پر اپنے دستخط شدہ بیٹ کا تحفہ دیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ شکیب الحسن نے کانپور ٹیسٹ کے آغاز سے قبل پریس کانفرنس میں مارچ 2025 تک انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا جس کے بعد بھارت میں یہ انکا آخری ٹیسٹ میچ تھا۔ ٹیسٹ فارمیٹ میں یہ ان کا آخری میچ بھی ہوسکتا ہے کیونکہ شکوک وشبہات برقرار ہیں کہ آیا وہ سیاسی تناؤ کے باعث جنوبی افریقا کے خلاف ٹیسٹ میچ کھیلنے بنگلادیش جاسکیں گے یا نہیں۔ یاد رہے کہ سٹار کرکٹر نے بھارت کیخلاف جاری کانپور ٹیسٹ کے آغاز سے قبل کہا تھا کہ وہ آئندہ ماہ اکتوبر میں جنوبی افریقا کے خلاف دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز کے لیے وطن واپس جانا چاہتے ہیں تاکہ بنگلادیش میں اپنے آخری دو ٹیسٹ میچ کھیل کر ٹیسٹ کیریئر ختم کرسکیں۔

انگلش پریمیئر لیگ: بورن ماؤتھ نے ساؤتھمپٹن کو شکست دیدی

میچ کے آغاز سے ہی بورن ماؤتھ کی ٹیم حریف ساؤتھمپٹن پر حاوی ہوگئی، گول پوسٹ پر تابڑ توڑ حملے

ساؤتھمپٹن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں بورن ماؤتھ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے ساؤتھمپٹن کو شکست دے دی، یہ بورن ماؤتھ کی لیگ میں دوسری فتح ہے۔ پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں، وانٹلی سٹیڈیم، بورن ماؤتھ، انگلینڈ میں کھیلے گئے میچ میں بورن ماؤتھ اور ساؤتھمپٹن کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں میچ کے آغاز سے ہی بورن ماؤتھ کی ٹیم حریف ساؤتھمپٹن پر حاوی ہوگئی اور اس کے گول پوسٹ پر تابڑ توڑ حملے کرنا شروع کر دیئے۔ ایونیلسن نے میچ کے 17 ویں منٹ میں ایک گول کر کے اپنی ٹیم بورن ماؤتھ کو ساؤتھمپٹن کے خلاف 0-1 گول کی برتری دلادی، جس کے ٹھیک 15 منٹ بعد میچ کے 32 ویں منٹ پر ڈینگو اواتارا نے ایک گول کر کے 0-2 کر دیا۔ انٹونی سیمینیو نے 7 منٹ بعد میچ کے 39 ویں منٹ پر ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی برتری کو بڑھاتے ہوئے 0-3 کر دیا جو میچ کے ہاف تک برقرار رہی، یوں میچ کے پہلے ہاف پر ہی بورن ماؤتھ کی ٹیم کو ساؤتھمپٹن کے خلاف 0-3 گول کی برتری حاصل تھی۔ دوسرے ہاف کے آغاز پر ساؤتھمپٹن کی ٹیم نے قدرے بہتر کھیل پیش کیا اور ساؤتھمپٹن کے ٹیلر ہارڈ بیلس نے میچ کے 51 ویں منٹ پر ایک گول کر کے مقابلہ 1-3 کر دیا، جو میچ کے اختتام تک برقرار رہا، اور بورن ماؤتھ نے ساؤتھمپٹن کو ایک کے مقابلے میں 3 گول سے ہرا دیا۔

محمد رضوان وائٹ بال کی کپتانی کیلئے مضبوط ترین امیدوار

ٹیم سلیکشن کے لیے محمد رضوان سے مشاورت کرنے کا بھی کہہ دیا گیا، ذرائع

لاہور (شیروز میاں سے) بابر اعظم کے مستعفی ہونے کے بعد وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان وائٹ بال کی کپتانی کے لیے مضبوط ترین امیدوار بن گئے۔ ذرائع کے مطابق ٹیم سلیکشن کے لیے محمد رضوان سے مشاورت کرنے کا بھی کہہ دیا گیا۔ قومی ٹیم کے وائٹ بال کوچ گیری کرسٹن ون ڈے میں بابر اعظم کو کپتان دیکھنا چاہتے تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بابر اعظم کھلاڑیوں سے دوری اور بے قدری کی وجہ سے کپتانی برقرار نہیں رکھنا چاہتے تھے۔ پاکستان کی ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے قومی ٹیم کی کپتانی سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ بابر اعظم نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کپتانی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ بطور کھلاڑی کردار ادا کرنے پر توجہ دینا چاہتا ہوں، کپتانی اچھا تجربہ تھا لیکن ورک لوڈ میں اضافہ ہوگیا تھا، میں اپنی پرفارمنس پر توجہ دینا چاہتا ہوں۔

انگلینڈ کرکٹ ٹیم ٹیسٹ سیریز کھیلنے کے لیے ملتان پہنچ گئی

انگلینڈ کرکٹ ٹیم 2 اور 3 اکتوبر کو آرام کرنے کے بعد 4 اکتوبر سے اپنی پریکٹس شروع کرے گی

ملتان (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم ٹیسٹ سیریز کھیلنے کے لیے ملتان پہنچ گئی، انگلش ٹیم کی قیادت آل راؤنڈر بین اسٹوکس کر رہے ہیں۔ انگلینڈ کرکٹ ٹیم 2 اور 3 اکتوبر کو آرام کرنے کے بعد 4 اکتوبر سے اپنی پریکٹس شروع کرے گی۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 7 اکتوبر سے ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹیسٹ میچ بھی ملتان میں 15 اکتوبر سے کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹیسٹ 24 اکتوبر سے راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ انگلینڈ کرکٹ ٹیم ٹیسٹ سیریز کھیلنے کے لیے ملتان پہنچ گئی، انگلش ٹیم کی قیادت آل راؤنڈر بین اسٹوکس کر رہے ہیں۔

انگلینڈ کا دورہ پاکستان، انگلش ٹیم سے منسوب لفظ Bazball کا مطلب کیا ہے؟

لندن (این این آئی) اگر آپ کرکٹ فالو کرتے ہیں تو آپ نے گزشتہ 2 سالوں کے اندر ایک نئی اصطلاح 'Bazball' ضرور سنی ہوگی جو کہ خاص طور پر انگلش کرکٹ ٹیم سے منسوب ہے۔ انگلینڈ کرکٹ ٹیم 3 ٹیسٹ میچز کھیلنے کے لیے پاکستان پہنچ رہی ہے، دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا پہلا میچ 7 اکتوبر سے ملتان میں کھیلا جائے گا۔ 2022 میں انگلش ٹیم نے دورہ پاکستان میں 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلی اور میزبان ٹیم کو آؤٹ کلاس کرتے ہوئے وائٹ واش کیا۔ اس سیریز میں انگلینڈ نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے پنڈی ٹیسٹ میں پاکستان کے خلاف پہلے دن 506 رنز بنا کر ٹیسٹ کرکٹ کا 112 سالہ ریکارڈ توڑا۔ انگلش ٹیم گزشتہ 2 سال سے Bazball کرکٹ کھیلنے کے لیے مشہور ہے، سوشل میڈیا ہو یا پھر خبروں کی ہیڈ لائنز یہ لفظ انگلینڈ کی کرکٹ ٹیم سے منسوب ہوگیا ہے۔

انفرادی ریکارڈز کو اہمیت نہیں دیتا، توجہ النصر کی جیت پر مرکوز ہے: رونالڈو

ریاض (این این آئی) پرتگال کے شہرہ آفاق فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو نے کہا ہے کہ انفرادی ریکارڈز کو زیادہ اہمیت نہیں دیتا، اپنی تمام توجہ النصر کی جیت اور ساتھی کھلاڑیوں کی مدد پر مرکوز ہے۔ رونالڈو نے میچ کے بعد بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلاڑی کے لئے گول کرنا اچھا ہے، لیکن میرے لئے ٹیم کا جیتنا بہتر ہے، میں ریکارڈ توڑنے کا عادی ہوں لیکن اب میں ریکارڈز کی طرف نہیں جاتا، الریان کے خلاف میچ میں میرا مقصد مختلف اور اہم تھا، میرے والد اگر زندہ ہوتے تو اس سے خوش ہوتے کیونکہ ان کی سالگرہ کا دن تھا۔

بھارتی اسپنر ایشون نے مرلی دھرن کا ورلڈ ریکارڈ برابر کر دیا

میچز کی تعداد کے حساب سے ایشون نے مرلی دھرن سے تیز 11 پلیئر آف دی سیریز کے ایوارڈ اپنے نام کیے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اسپنر روی چندرن ایشون نے سری لنکا کے سابق لیجنڈری اسپنر مرلی دھرن کا ٹیسٹ کرکٹ کا ورلڈ ریکارڈ برابر کر دیا۔ منگل کے روز بھارت نے بنگلادیش کو کانپور ٹیسٹ میں شکست دے کر سیریز دو صفر سے اپنے نام کرلی۔ بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں ایشون نے گیند اور بلے دونوں سے شاندار کارکردگی دکھائی۔ مہمان ٹیم کے خلاف ایشون نے چنئی ٹیسٹ میں مشکل وقت میں نچری اسکور کی تھی اور سیریز میں مجموعی طور پر 11 وکٹیں حاصل کیں۔ اسی شاندار کارکردگی پر ایشون کو مین آف دی سیریز کا ایوارڈ دیا گیا۔ بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں مین آف دی سیریز کا ایوارڈ جیتنے کے بعد ایشون نے سری لنکا کے مرلی دھرن کا ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ مین آف دی سیریز کا ایوارڈ جیتنے کا ورلڈ ریکارڈ برابر کر دیا۔

بابر اعظم آؤٹ آف فارم ہیں انہیں ٹیم سے بھی باہر نکال دینا چاہیے، ظہیر عباس



کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے لیجنڈری اور سابق کرکٹر ظہیر عباس نے بابر اعظم کو ٹیم سے باہر نکالنے کا مطالبہ کر دیا۔ حال ہی میں بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ میچ میں بدترین کارکردگی کے بعد بابر اعظم کو ان کے مداحوں اور سابق کرکٹر کی جانب سے تنقید کا سامنا ہے۔ ایک انٹرنیشنل کرکٹ ٹاک شو کی 100 ویں قسط کے دوران گفتگو کرتے ہوئے ظہیر عباس نے بابر اعظم کی کارکردگی پر بات کی اور کہا 'بابر اعظم کو ٹیم سے ڈراپ کر دینا چاہیئے۔ ایشین بریڈمین کہلائے جانے والے سابق کرکٹر ظہیر عباس نے کہا کہ 'اگر بابر رنز نہیں بنا پا رہے کیوں کہ وہ ہمارے اہم بیٹسمین ہیں، اگر وہ آؤٹ آف فارم ہیں انہیں ٹیم سے بھی باہر نکال دینا چاہیے۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی: میچ کے دوران انجری کا شکار ابوبکر تاحال علاج کے منتظر

قومی ڈیوٹی کے دوران انجرڈ ہونے والے کھلاڑی کا حکومت اور فیڈریشن نے تاحال علاج شروع نہیں کرایا

کراچی (این این آئی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کے خلاف میچ کے دوران گھٹنے کی انجری کا شکار ہونے والے پاکستان ہاکی ٹیم کے نائب کپتان ڈریگ فلکر ابوبکر حکومت اور ہاکی فیڈریشن کی بے حسی کا شکار ہیں۔ پاکستان ہاکی ٹیم کے نائب کپتان ابوبکر ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کے دوران بھارت کے خلاف لیگ میچ میں گھٹنے کی شدید انجری کا شکار ہوئے جس کے بعد پاکستان ٹیم سیمی فائنل کے لیے اہم کھلاڑی سے محروم ہوگئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قومی ڈیوٹی کے دوران انجرڈ ہونے والے کھلاڑی کا حکومت اور فیڈریشن نے تاحال علاج شروع نہیں کرایا جبکہ صدر ہاکی فیڈریشن طارق بگٹی نے چین میں موجودگی کے دوران ابوبکر کو کہیں سے بھی علاج کرانے کا وعدہ کیا تھا۔ اس کے علاوہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نے ویڈیو کال پر علاج کی یقین دہانی کرائی تاہم وطن واپسی پر نائب کپتان ابوبکر کے علاج کا کسی نے بندو بست نہ کیا، فیڈریشن نے فنڈز نہ ہونے کا بتایا اور کہا کہ علاج خود کرانا شروع کریں جیسے ہی فنڈز آئیں گے ادائیگی کر دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ابوبکر سرجری بیرون ملک کرانے کی خواہش مند ہیں تاکہ ری ہیب بھی مناسب ہو سکے اور وہ بروقت فٹ ہو سکیں، اس کے لیے ان کے پاس لاکھوں روپے بھی نہیں اور ادائیگی پر بھی کوئی یقین نہیں۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ بروقت سرجری نہ ہونے کی وجہ سے انجری کے پیچیدہ ہونے کا خدشہ ہے جس سے ابوبکر کی پریشانیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

زرین خان پھر سلور اسکرین پر واپسی کیلئے تیار

ممبئی (شوبز ڈیسک) اسکرین سے غائب بالی ووڈ کی معروف اداکارہ زرین خان نے ایک بار پھر سلور اسکرین پر واپسی کا عندیہ دے دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر سوال و جواب کا سیشن رکھا۔ اس دوران ایک فالوور نے ان سے کہا کہ آپ کو مزید فلمیں کرنی چاہئیں، ہم انتظار کر رہے ہیں۔ صارف کو جواب دیتے ہوئے زرین خان نے ایک بار پھر بڑے پردے پر لوٹنے کا عندیہ دیا۔ انہوں نے جواب میں لکھا کہ واقعی، وقفہ توقع سے تھوڑا زیادہ طویل ہوگیا ہے، امید ہے کہ اگلے سال آپ سب مجھے فلموں میں ضرور دیکھیں گے۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ ایک اور صارف نے سوال کیا کہ آپ کس طرح کی فلموں میں کام کرنا پسند کریں گی؟ اداکارہ نے جواب دیا کہ مجھے لگتا ہے کہ میں کوئی مزاحیہ یا ایکشن فلم کرنا چاہوں گی۔ اداکارہ کے جواب سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی اگلی فلم کامیڈی یا پھر ایکشن سے بھرپور ہوگی۔ خیال رہے کہ زرین خان کو آخری بار میوزک ویڈیو 'عید ہو جائے گی' میں دیکھا گیا تھا، اس کے علاوہ ان کی مشہور فلموں میں ویر اور ہاؤس فل 2 شامل ہیں۔

ڈائریکٹر کیخلاف می ٹو الزامات پر فلم کی آفر ٹھکرادی تھی، تنوشری

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ تنوشری دتہ نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے ایک فلم کی پیشکش اس لیے ٹھکرادی تھی کیونکہ فلم ڈائریکٹر پر می ٹو الزامات تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ مذکورہ ڈائریکٹر اپنی ساکھ کو بہتر کرنے کے لیے ان کے ساتھ کام کرنا چاہتا تھا لیکن انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا کیونکہ وہ غلط مثال قائم نہیں کرنا چاہتی تھیں۔ تنوشری دتہ نے ایک انٹرویو میں کہا، 2018 میں مجھے ایک نامور فلم ساز کی جانب سے فلم کی پیشکش ہوئی تھی لیکن میں نے فلم کے ہدایتکار کے خلاف می ٹو الزامات کی وجہ سے اسے فوراً مسترد کر دیا تھا۔ اداکارہ نے کہا، میں کافی عرصے سے فلموں میں کام نہیں کر رہی، لیکن میں نے یہ موقع چھوڑ دیا کیونکہ میں ایسے ہدایتکار کے ساتھ کام نہیں کرنا چاہتی تھی۔ تنوشری نے مزید بتایا کہ گزشتہ سال انہیں کولکتہ سے تعلق رکھنے والے ایک اور فلم ڈائریکٹر کی طرف سے پیشکش ملی تھی لیکن انہوں نے اس پیشکش کو بھی رد کر دیا کیونکہ وہ نہیں چاہتی تھیں کہ ان کے ساتھ کام کرنے سے اس ڈائریکٹر کی ساکھ بہتر ہو۔ یاد رہے کہ تنوشری دتہ نے 2008 میں نانا پاٹیکر پر فلم 'ہارن او کے پلیز' کے سیٹ پر جنسی ہراسانی کے الزامات عائد کیے تھے، جس کے بعد انہیں فلمی دنیا میں مخالفت کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ ودیا بالن کار حادثے میں بال بال بچ گئیں

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ ودیا بالن کار حادثے میں بال بال بچ گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 45 سالہ ودیا بالن اپنی نئی فلم کی شوٹنگ مکمل کروا کر ایک میٹنگ کے سلسلے میں باندرا جا رہی تھیں کہ حادثے کا شکار ہوگئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ کی گاڑی کو دوسری گاڑی نے پیچھے سے ٹکر مار دی، ودیا بالن حادثے میں محفوظ رہیں تاہم ان کی گاڑی کو نقصان پہنچا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ودیا بالن کی فلم 'تمہاری سلو' رواں برس یکم دسمبر کو ریلیز ہوگی۔

بچوں کو والدین کی دوسری شادی پر رنجش نہیں پالنی چاہیے: جویریہ عباسی

کراچی (شوبز ڈیسک) حال ہی میں دوبارہ شادی کرنے والی پاکستانی سینئر اداکارہ جویریہ عباسی کا کہنا ہے کہ جب مذہب اور آئین نے کسی شخص کو دوسری شادی کی اجازت دی ہے تو بچوں کو والدین کی دوسری شادی پر رنجش نہیں پالنی چاہیے۔ حال ہی میں اداکارہ نے اپنے دوسرے شوہر کاروباری شخص عدیل حیدر کے ہمراہ پہلی بار انٹرویو دیا۔ انہوں نے دوران انٹرویو بیٹی کی شادی کے بعد بڑی عمر میں دوسری شادی کرنے پر ہونے والی تنقید پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ اگر والدین میں سے کسی ایک کا انتقال ہو جائے اور زندہ رہنے والا شریکِ حیات پھر شادی کرنا چاہے تو بچے سب سی بڑی رکاوٹ بنتے ہیں، کہتے ہیں کہ ایسا ہو ہی نہیں سکتا۔

پریانکا چوپڑا کی بچپن کی تصویر شیئر کرتے ہوئے ٹرولرز کو وارننگ



ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی عالمی شہرت یافتہ اداکارہ پریانکا چوپڑا نے اپنے بچپن کی تصویر شیئر کرتے ہوئے ٹرولرز کو خبردار کر دیا اور کہا ہے کہ مجھے ٹرول نہ کیا جائے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے وہ تصویر شیئر کی ہے جو ان کے مداح نے ایڈیٹ کر کے انہیں دی تھی۔ مذکورہ تصویر پریانکا چوپڑا کی 17 سال کی عمر کی ہے، جب انہوں نے مس انڈیا کا ٹائٹل جیتا تھا، جس کا موازنہ ان کی بچپن کی تصویر کے ساتھ کیا گیا تھا، جب اداکارہ صرف 9 سال کی تھیں۔ اداکارہ کے بچپن کی تصویر دیکھ کر صارفین دنگ رہ گئے، جس میں وہ بوائے کٹ ہیئر اسٹائل میں نظر آ رہی ہیں۔ بھارتی اداکارہ نے مداحوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ میری 9 سال کی عمر کی تصویر کو ٹرول نہ کریں۔

اپنی ہی پستول سے زخمی ہونیوالے گووندا کی صحت اب کیسی؟ اہلیہ کا بیان آگیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) ماضی میں بالی ووڈ کو سپر ہٹ کامیڈی فلمیں دینے والے مقبول اداکار گووندا رجن آہوجا المعروف گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا کا شوہر کی صحت سے متعلق بیان سامنے آگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے اسپتال کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گووندا کی طبیعت پہلے سے کافی بہتر ہے اور آج انہیں آئی سی یو سے نکال کر دوسرے وارڈ میں منتقل کر دیا جائے گا۔ سنیتا آہوجا نے کہا کہ گووندا کی طبیعت میں کل سے کافی بہتری بھی آئی ہے اور دو دن تک انہیں اسپتال سے ڈسچارج بھی کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مداح اور اہلخانہ کی دعاؤں سے گووندا بالکل ٹھیک ہوگئے ہیں، ہر جگہ ان کے لیے دعائیں کی جا رہی ہیں، سنیتا نے اداکار کے مداحوں سے اپیل کرتے ہوئے مزید کہا کہ براہِ کرم! پریشان نہ ہوئیں، آپ کے گووندا بہت جلد دوبارہ ڈانس کریں گے۔ واضح رہے کہ گووندا کے ساتھ فائرنگ کا واقعہ ان کے گھر میں پیش آیا تھا کہ جب ریوالور الماری میں رکھتے ہوئے اچانک گر گئی تھی اور فائر ہوگیا تھا جو اداکار کی ٹانگ پر لگ گیا تھا۔ گووندا کو ایمرجنسی میں ممبئی کے ایک نجی اسپتال میں منتقل کیا گیا تھا جہاں ان کا علاج جاری ہے، اداکار کی ٹانگ میں 8 سے 10 ٹانکے لگے۔

کشمیرا شاہ اختلافات بھلا کر گووندا کی عیادت کیلئے اسپتال پہنچ گئیں

واضح رہے کہ کشمیرا کے شوہر کرشنا ابھیشک کے اپنے ماموں اداکار گووندا کے ساتھ خاندانی جھگڑے ہیں

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے سینئر اداکار گووندا کو آج صبح حادثاتی طور پر اپنے ریوالور سے ٹانگ پر گولی لگ گئی تھی، جس کے بعد وہ اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ اس دوران انکے بھانجے اداکار کرشنا ابھیشک کی اہلیہ کشمیرا شاہ، گووندا کی عیادت کے لیے اسپتال پہنچیں، اس موقع پر انکے شوہر ساتھ نہیں تھے۔ واضح رہے کہ کشمیرا کے شوہر کرشنا ابھیشک کے اپنے ماموں اداکار گووندا کے ساتھ خاندانی جھگڑے ہیں لیکن اسکے باوجود وہ اسپتال پہنچیں۔ اگرچہ اسپتال کے باہر پاپارازی (فوٹو گرافرز) جمع تھے لیکن کشمیرا نے پاپارازی سے بات نہیں کی اور سیدھے اندر اسپتال چلی گئیں تاکہ اس مشکل صورتحال میں گووندا سے ملاقات کر کے انکی عیادت کی جاسکے۔ ادر رہے کہ کچھ عرصے قبل گووندا کی اہلیہ سونیتا آہوجا نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا تھا کہ انکے کرشنا اور کشمیرا سے تعلقات اچھے نہیں ہیں۔ سونیتا کا کہنا تھا کہ خاندانی جھگڑے کی وجہ سے وہ نیٹ فلیکس کے دی کپل شرما شو میں نہیں آئیں

'اینیمل' میں کردار نے مجھے اپنی حدوں سے آگے بڑھنے پر مجبور کیا: ترپتی دمری

ممبئی: (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کی ابھرتی ہوئی اداکارہ ترپتی دمری نے انکشاف کیا ہے کہ فلم 'اینیمل' میں کردار نے مجھے اپنی حدوں سے آگے بڑھنے پر مجبور کیا۔ واضح رہے کہ ترپتی دمری نے 2023 میں ریلیز ہونے والی فلم 'اینیمل' میں رنبیر کپور کی گرل فرینڈ زویا کا کردار ادا کیا تھا جسے مداحوں کی جانب سے بے حد پسند کیا گیا تھا۔ ترپتی دمیری نے حالیہ انٹرویو میں کہا کہ انہیں فلم 'اینیمل' کے کردار کی معصومیت اور بہادری نے متاثر کیا اور ہر بار جب انہیں کوئی نیا کردار ملتا ہے تو وہ اسے ایک چیلنج سمجھتی ہیں۔ ترپتی نے اپنی فلموں 'بلبل' اور 'قلا' کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے کمفرٹ زون میں رہنا پسند نہیں کرتیں اور 'اینیمل' جیسی فلموں میں کام کرنا انہیں اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یاد رہے کہ ترپتی جلد ہی فلم 'وکی اور ودیا کا وہ والا ویڈیو' میں راجکمار راؤ کے ساتھ جلوہ گر ہوں گی جس کی ریلیز 11 اکتوبر 2024 کو متوقع ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

چوہدری شافع حسین کی ایرانی قونصلیٹ آمد، ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر سے ملاقات

ہیلتھ ٹورازم، ادویات سازی، زراعت اور دیگر شعبوں میں تعاون اور دوطرفہ تجارت بڑھانے کے لئے عملی اقدامات پر اتفاق

ایرانی قونصل جنرل کی معمولی اخراجات پر تہران میں پاکستانی بچوں کے دل کے آپریشن کی پیشکش، ہر ماہ 50 سے 100 بچوں کی ہارٹ سرجری ہوسکتی ہے

لاہور (شیروز میاں سے) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ایرانی قونصلیٹ کا دورہ کیا۔ ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ہیلتھ ٹورازم، ادویات سازی، زراعت اور دیگر شعبوں میں تعاون اور دوطرفہ تجارت بڑھانے کے لئے عملی اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ باہمی اشتراک کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ اور فوکل پرسنز مقرر کرنے پر بھی اتفاق ہوا۔ ملاقات میں ایران اور پاکستان کی فارماسیوٹیکل کمپنیوں کے مابین جوائنٹ وینچر پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس حوالے سے جلد معاہدہ کیا جائے گا۔ ایرانی قونصل جنرل نے معمولی اخراجات پر تہران میں پاکستانی بچوں کے دل کے آپریشن کی پیشکش کی اور کہا کہ تہران میں ہر ماہ 50 سے 100 پاکستانی بچوں کی ہارٹ سرجری ہوسکتی ہے۔ پنجاب ایران میں عدم دستیاب ادویات اور طبی آلات فراہم کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور پاکستان بالخصوص پنجاب ادویہ سازی میں اشتراک کرسکتے ہیں۔ ڈیم بنانے میں ایران، پاکستان اور چین ملکر آگے بڑھ سکتے ہیں۔ ایرانی قونصل جنرل نے سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی اور ان کی صحتیابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب کے صنعتی مراکز میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ایران کے سرمایہ کار پنجاب میں ٹریکٹرز کی اسمبلنگ کا پلانٹ لگائیں، ہر ممکن سہولت دیں گے۔

الرحمہ انسٹی ٹیوٹ وار برٹن میں اے ڈی پی (بی اے ٹو) 2024 کے امتحانی نتائج کا اعلان کردیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم کے زیر اہتمام الرحمہ انسٹی ٹیوٹ وار برٹن میں اے ڈی پی (بی اے ٹو) 2024 کے امتحانی نتائج کا اعلان کردیا گیا، پیپرز مین دارالاسلام قرآن انسٹی ٹیوٹ عبدالمالک مجاہد اور ڈائریکٹر حافظ عبدالعظیم کے مطابق سالانہ امتحانات میں حافظ عبداللہ نصیر، حافظ ابوطلحہ، حافظ نعمان رشید، حافظ احمد سبحان، حافظ محمد یاسر، گوہر ایوب، محمد عبداللہ، محمد کامران، حافظ محمد احمد، عبدالمنان و دیگر طلبہ نے نمایاں نمبروں سے کامیابی حاصل کی جو ادارہ کے اساتذہ کی پیشہ وارانہ خدمات اور انتھک محنت کا ثبوت ہے ہم فروغ تعلیم کیلئے کوشاں ہیں اور عصری علوم کے ساتھ ساتھ دینی وسلفی علوم کی ترویج کیلئے بھی بھرپور کردار ادا کیا جارہا ہے تاکہ نونہالان ونوجوان حصول تعلیم کے بعد ملک وملت کیلئے مفید وموثر شہری کا کردار ادا کرسکیں، انہوں نے بتایا کہ ادارہ کے تحت 8 سالہ درس نظامی کورس کی مکمل تعلیم دی جارہی ہے اور ایم اے تک کلاسز جاری ہیں جن کی نگرانی پرنسپل عبدالاحد، ناظم، رفاقت علی و دیگر اساتذہ کررہے ہیں۔

مشیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ کی زیر صدارت اجلاس

مختلف مارکیٹس، سستا بازار، سبزی منڈی اور گرلز کالج روڈ پر مارٹ کو چیک کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ کا ساہیوال شہر کا دورہ، مختلف مارکیٹس، سستا بازار، سبزی منڈی اور گرلز کالج روڈ پر مارٹ کو چیک کیا اور خریداری کے لئے آئے ہوئے افراد سے روزمرہ اشیاء کی قیمتوں بارے استفسار کیا۔ ڈپٹی کمشنر ساہیوال صائمہ علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور، اسسٹنٹ کمشنر رانا اوورنگزیب اور اے سی چیچہ وطنی احسن وحید گوندل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ نے کہا کہ پنجاب حکومت عوام کو مہنگائی سے بچانے کے لئے دوررس اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز روزانہ کی بنیاد پر قیمتوں کا جائزہ لیتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر صوبے کے تمام بڑے شہروں کا دورہ کرکے قیمتوں کا جائزہ لے رہی ہوں۔ تاجر حضرات عوام کو ریلیف دینے کے لئے منافع کو کم کریں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

اشیائے خوردونوش کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے، ڈپٹی کمشنر

تاجر حضرات ذخیرہ اندوزوں، ملاوٹ کرنے والوں اور گرانفروشوں کو اپنی صفوں سے الگ کریں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی ضلع میں تمام صارفین کے لئے اشیائے خوردونوش کی مقررہ نرخوں پر دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے لوگوں کی سہولت اور آسانی سب سے مقدم ہے موجودہ حالات کے تناظر میں تاجر اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں جائز منافع تاجروں کا حق لیکن تاجر حضرات ذخیرہ اندوزوں، ملاوٹ کرنے والوں اور گرانفروشوں کو اپنی صفوں سے الگ کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فضل عباس، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خالد جاوید بھٹی، صدر انجمن تاجران شیخ ریاض انور، چوہدری محمد ارشف، میاں علی حسن صدر کسان ونگ مسلم لیگ ن، صائمہ رشید، مرکزی تاجر تنظیموں کے نمائندوں اور متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی

بڑھتی آباد: چنیوٹ: نیشنل فاسٹ یونیورسٹی میں آگاہی سیمینار

ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ممبر پنجاب اسمبلی مہر تیمور امجد لالی کی بطور مہمان خصوصی شرکت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہریوں میں بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل سے آگاہی پیدا کرنے اور بیلنس فیملی سائز کو فروغ دینے کے لئے محکمہ بہبود آبادی ضلع چنیوٹ کی جانب سے نیشنل فاسٹ یونیورسٹی میں ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر چنیوٹ رانا محمد عمر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد، ممبر پنجاب اسمبلی مہر تیمور امجد لالی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید، ڈائریکٹر فاسٹ یونیورسٹی ڈاکٹر پروفیسر شہزاد سرفراز، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر میڈم ثناء رحمن، تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر میڈم فوزیہ عمران، تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر فہیم عثمان، سایئکا لوجسٹ میڈم انعم رباب، علماء کرام، سول سوسائٹی اور طلباء وطالبات نے بھی سیمینار میں شرکت کی، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر میڈم ثناء رحمن نے آنے والے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور منعقد کے گئے سیمینار کا مقصد بتاتے ہوئے کہا کہ 24.2٪ گروتھ ریٹ کے ساتھ چنیوٹ کی آبادی میں آئندہ پانچ سالوں میں مزید 2 لاکھ لوگوں کا اضافہ ہونے جارہا ہے۔

لیبر لاء کی خلاف ورزی کرنے والوں کو انجام تک پہنچائیں، ڈپٹی کمشنر

چائلڈ لیبر کے خاتمے اور لیبر لاء پر عملدرآمد کروانے کے لیے ہم سب کو فیلڈ میں نکلنا ہوگا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے کہا ہے کہ ضلع ننکانہ صاحب میں چائلڈ لیبر کے خاتمے اور لیبر لاء پر عملدرآمد کروانے کے لیے ہم سب کو فیلڈ میں نکلنا ہوگا، لیبر لاء کی خلاف ورزی کرنے والوں کو انجام تک پہنچائیں، بلاتفریق کریک ڈاون کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس، ڈسٹرکٹ لیبر ویلفیئر آفیسر محمد عمار، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل سیکورٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران شریک تھے۔ ڈسٹرکٹ لیبر ویلفیئر آفیسر نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رواں ماہ کی کاروائیوں کے دوران بانڈڈ لیبر کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ محکمہ لیبر ویلفیئر نے رواں ماہ کے دوران کم از کم اجرت کی ادائیگی پر عمل درآمد کروانے کے لیے ضلع کے 170 ادارہ جات کو چیک کیا، کم اجرت دینے والے 04 اداروں کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج کروایا گیا اور ضلع میں مختلف اداروں کو 27 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومتی احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے والے اداروں کے چالان بھی عدالتوں میں بھجوائے جاچکے ہیں۔ رائج کردہ مزدوری پر عملدرآمد نہ کرنے والے ادارہ جات کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نے بتایا کہ مزدوروں کو سوشل سیکورٹی کی سہولیات کے لیے زیادہ سے زیادہ سوشل سیکورٹی کارڈ جاری کیے جارہے ہیں۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت نکلی رقم میں سے کٹوتی کرنے پر تین ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت نکلی رقم میں سے کٹوتی کرنے پر تین ملزمان کیخلاف مقدمہ درج اسسٹنٹ ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سعدیہ نے پولیس کو درخواست دی کہ گورنمنٹ کالج ڈسکہ فار بوائز میں مستحق خواتین کو کیمپ سائٹ سے امدادی رقوم کی ادائیگی کی جارہی تھی کہ ملزمان محمد افضل اور عرفان رقم کی ادائیگی کررہا تھا مانیٹرنگ ٹیم نے خواتین سے پوچھا تو خواتین نے بتایا کہ وکی جنرل سٹور کی ڈیوائس محمد افضل اور عرفان چلا رہا ہے اور زبردستی 500 روپے کٹوتی کررہا ہے اور افضل نے یہ سارا کام BDO علی عاشر کی ایماء پر کیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

گورنمنٹ پرائمری سکول کی ٹیچرز کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر خاتون کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ پرائمری سکول کی ٹیچرز کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر خاتون کیخلاف مقدمہ درج تھانہ موترہ کے علاقہ ڈھولن کی بینش خان جوکہ گورنمنٹ پرائمری سکول ڈھولن میں ٹیچر ہے گزشتہ روز وہ سکول میں دوسری ٹیچروں کیساتھ موجود تھی کہ اسی دوران ملزمہ مریم بی بی آئی اور آتے ہی خاتون ٹیچر اور اس کیساتھ موجود دوسری ٹیچرز کو گالیاں دیتے ہوئے سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کردیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

سات ملزمان کا نوجوان پر تشدد ہاتھ کی انگلی توڑ ڈالی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سات ملزمان کا نوجوان پر تشدد ہاتھ کی انگلی توڑ ڈالی نواحی گاؤں للر کے سلیم کا بھائی للر سٹاپ سے گھر کی طرف آرہا تھا کہ اس کو راستے میں پہلے سے موجود ملزمان ذیشان، عاطف، وسیم، اکبر اور تین نامعلوم نے روک لیا اور اس کو تشدد کا نشانہ بنانا شروع کردیا جس کے نتیجہ میں اس کے بھائی کے ہاتھ کی انگلی ٹوٹ گئی پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

مضر صحت آئل تیار کرنے والی فیکٹری پر چھاپہ سینکڑوں لیٹر تیل برآمد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم کا سرگودھا روڈ نزد ڈمپر مارکیٹ میں واقع جانوروں کی آلائشوں اور باقیات سے مضر صحت آئل تیار کرنے والی فیکٹری پر چھاپہ سینکڑوں لیٹر تیل برآمد دو ملزمان کے خلاف مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم کا سرگودھا روڈ نزد ڈمپر مارکیٹ میں واقع جانوروں کی آلائشوں اور باقیات سے مضر صحت آئل تیار کرنے والی فیکٹری پر چھاپہ مارا جہاں سے 500 لیٹر سے زائد آلائشوں سے تیار کردہ آئل برآمد کیا گیا۔

پروفیسر شریف صابر رحمۃ اللہ علیہ کے عرس کے موقع پر قرآن خوانی کا انعقاد

اولیاء کرام کی نسبت سے انسان پر معرفت الٰہی کے راز کھلتے ہیں، مشتاق احمد فقیر آف رتہ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) معروف صوفی بزرگ حافظ صوفی محمد افضل فقیر رحمۃ اللہ علیہ کے آستانہ پر پروفیسر شریف صابر رحمۃ اللہ علیہ کے عرس کے موقع پر قرآن خوانی کا انعقاد کیا گیا جس میں منیر احمد ہوشیار پوری پروفیسر ابدال حسین شعبان عزیز ڈاکٹر محمد طلحہ حاجی فاروق اعوان وسیم اقبال بھٹہ اعجاز سیال اور رانا بلال نے خصوصی طور پر شرکت کی مشتاق احمد فقیر آف رتہ نے صوفی محمد افضل فقیر رحمۃ اللہ علیہ کا کلام او درود وسلام پڑھا حافظ طاہر محمود نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اولیاء کرام کی نسبت سے انسان پر معرفت الٰہی کے راز کھلتے ہیں نسبت اپنا گہرا اثر رکھتی ہے پروفیسر شریف صابر نے صوفی محمد افضل فقیر رحمۃ اللہ علیہ کی سنگت اختیار کرکے تصوف کی گہری حاصل کی مختلف زبانوں میں متعدد کتب لکھیں داتا علی ہجویری کی معروف تصنیف کشف المحجوب کا پنجابی زبان میں ترجمہ کیا صوفی وارث شاہ کی ہیر کو اپنے الفاظ میں لکھا آپ کی خواہش کے مطابق آپ رحمۃ اللہ علیہ کو صوفی محمد افضل فقیر رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر دفن کیا گیا۔

ممتاز ماہر تعلیم نعیم قمر پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن کی ایگزیکٹو کونسل کے نائب صدر منتخب

ایگزیکٹو کونسل کے دیگر عہدیداران میں صدر محمد آصف (اسلام آباد)، جنرل سیکرٹری عتیق اکبر چودھری ودیگر شامل

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے ممتاز ماہر تعلیم نعیم قمر پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن کی ایگزیکٹو کونسل کے نائب صدر منتخب ہوئے۔ اس سلسلہ میں حلف برداری تقریب میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ ایگزیکٹو کونسل کے دیگر عہدیداران میں صدر محمد آصف (اسلام آباد)، جنرل سیکرٹری عتیق اکبر چودھری ودیگر شامل ہیں۔ ایگزیکٹو کونسل کے نو منتخب عہدیداران سے گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم خان کنڈی نے حلف لیا۔ اس موقع پر سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق، ممبر صوبائی اسمبلی، پارلیمانی لیڈر پی ایم ایل این کے پی کے اسمبلی، سردار شاہجہان یوسف، ایم این اے ملک ابرار احمد، ایم این اے دانیال چودھری پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن اینڈ براڈ کاسٹنگ، میڈم ضیاء بتول چیئرپرسن پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشن ریگولیٹری اتھارٹی، ایم این اے میڈم سحر کامران، حسن شفقلین ایڈیشنل سیکرٹری منسٹری آف ایجوکیشن، ڈاکٹر شاہد سرویا ڈائریکٹر جنرل پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن و دیگر بھی موجود تھی۔

حکومت پاکستان کی جانب سے وفاقی وزیر برائے بحری امور قیصر احمد شیخ کے پائیدار انفراسٹرکچر پراجیکٹ کیلئے پبلک پرائیویٹ شراکت داری کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پاکستان کی جانب سے وفاقی وزیر برائے بحری امور قیصر احمد شیخ نے پائیدار انفراسٹرکچر پراجیکٹ کے لیے پبلک پرائیویٹ شراکت داری کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے، جبکہ پاکستان میں تعینات ڈنمارک کے سفیر جیکب لطفت نے ڈنمارک کے وزیر صنعت، کاروبار اور مالیاتی امور کی جانب سے دستخط شدہ ایم او یو پیش کیا۔ اس مفاہمتی یادداشت کے بعد مارسک (ڈنمارک کی شپنگ کمپنی) پاکستان کے میری ٹائم سیکٹر میں تقریباً 2 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کے لیے تیار ہے۔ اس سے قبل پاکستان کے میری ٹائم سیکٹر کے لئے اتنی بڑی سرمایہ کاری کے حوالے سے کوئی پیشرفت نہیں ہوئی۔ مفاہمتی یادداشت کی اس تقریب میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر تجارت جام کمال، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وزیر صنعت وتجارت رانا تنویر، وزیر توانائی اویس لغاری، ڈائریکٹر جنرل ایس آئی ایف سی میجر جنرل اسد الرحمان بھی موجود تھے اس موقع پر وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے کہا کہ ہم میری ٹائم سیکٹر میں اس شاندار پیش رفت پر ڈنمارک کی حکومت کے بے حد مشکور ہیں۔

اوکاڑہ: ڈاکو شہری سے گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو ایک شخص سے گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 55 ٹوایل کا رہائشی ڈرائیور ارسلان اپنے گھر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں سکول کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح دو نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روکا اور جان سے مارنے کی دھمکی دیکر گن پوائنٹ پر اس سے 71 ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے۔ پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے کاروائی کا آغاز کردیا ہے۔

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت رقم وصولی سینٹر میں بدنظمی و سہولیات کا فقدان،

وزیر آباد (نامہ نگار) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت رقم وصولی سینٹر میں بدنظمی وسہولیات کا فقدان، انتظامیہ کا خواتین کے ساتھ ہتک آمیز رویہ معمول، سفارش ورشوت کی حامل خواتین مستفید دیگر خواتین کو سارا دن ذلیل وخوار کرکے خالی ہاتھ لوٹانا معمول بن چکا اعلیٰ حکام سے صورتحال بارے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ بدنظمی پر ڈائٹ ڈپٹ کی جاتی ہے رشوت وسفارش کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ سینٹر میں مستحق خواتین نے لڑائی جھگڑے، بدنظمی اور انتظامیہ کی جانب سے ہتک آمیز رویہ روا رکھنے کے الزامات لگائے ہیں۔ سینٹر میں رقوم کی وصولی کے لیے آنے والی خواتین کے لیے کو مناسب انتظامات موجود نہ ہیں جبکہ پینے کے لیے صاف پانی اور بیٹھنے کے لیے کرسیوں کا بھی مناسب انتظام نہیں خواتین نے الزام لگایا کہ انتظامیہ کا رقوم وصولی کے لیے آنے والی خواتین کے ساتھ رویہ انتہائی جارحانہ اور ہتک آمیز ہوتا ہے۔

تحصیل عارف والا ٹریفک کے مسائل میں پنجاب کے پہلے نمبر پر

شہریوں کی آئی جی پنجاب ڈی آئی جی ٹریفک پولیس سے ٹریفک مسائل حل کرنے کی اپیل

عارف والا (تحصیل رپورٹر) شہر میں ٹریفک کے مسائل حل نہ ہوسکے ڈی ایس پی ٹریفک پاکپتن کی میٹنگ فوٹو سیشن کی حد تک زبردست رہی سکول کالج کچہری روڈ جہاں پر سبزمنڈی ہونے سے اکثر ٹریفک بلاک ہونے سے شہری پریشان ہوتے ہے جبکہ عملہ سرکاری اور غیر سرکاری جرمانے کرنے میں مصروف رہتا ہے شہریوں کی آئی جی پنجاب ڈی آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب آر پی او ساہیوال سے ٹریفک کے مسائل حل کرنے کی اپیل تفصیل کے مطابق شہر کے کارخانہ بازار تھانہ بازار جناح چوک میں ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے جناح چوک میں رکشہ ڈرائیور چوک کے درمیان رکشہ کھڑا کر کے جہاں دوکانداروں کو پریشان کرتے ہے وہاں شاپنگ کے لیے آنے والی خواتین بھی پریشانی میں مبتلا ہوتی ہے گزشتہ روز ڈی ایس پی ٹریفک پاکپتن عارف والا اے اور فنی ٹیلی دے کر چلے گے مگر شہر سے مسائل حل نہ ہوسکے۔

نارنگ منڈی: قتل ہونیوالے 7 افراد کی نماز جنازہ ادا کردی گئی

علاقے کی فضاء سوگوار نماز جنازہ کیلئے میتیں لائی گئیں تو کہرام مچ گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مانگا پل کے قریب قتل ہونے والے 7 افراد کی نماز جنازہ نارنگ کے نواحی گاؤں ماڑی کلاں میں ادا کردی گئی ہر آنکھ اشکبار آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کردیا گیا علاقے کی فضاء سوگوار نماز جنازہ کیلئے میتیں لائی گئیں تو کہرام مچ گیا مقتولین کا تعلق ایک ہی گاؤں سے اور آپس میں رشتے دار ہیں نارنگ منڈی کے نواحی گاؤں ماڑی کلاں کا رہائشی بابر میو رشتہ داروں کے ہمراہ سیالکوٹ کے علاقے میں بہن کے گھر تعزیت کرکے واپس آرہے تھے تھانہ قلعہ کالروالا کی حدود میں مانگا پل کے قریب گھات لگائے ملزمان نے فائرنگ کردی جس سے ایک ہی گاؤں کے 6 افراد سمیت 7 افراد جاں بحق ہوگئے تھے جن کی نماز جنازہ نارنگ منڈی کے نواحی گاؤں ماڑی کلاں میں ادا کردی گئی ہے مرنے والوں میں ڈسٹرک جیل لاہور میں وارڈن تعینات پنجاب پولیس کا ملازم نثار بھی شامل ہے مدعی کی درخواست پر 8 نامزد اور 3 نامعلوم سمیت 11 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا حکم دیا ہے ضلع شیخوپورہ اور ضلع سیالکوٹ پولیس کی ٹیمیں ملزمان کی تلاش کیلئے چھاپے مار رہی ہیں۔

تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بھرپور مہم جاری

ناجائز تعمیرات کو مسمار اور غیر قانونی کمرشلائزیشن پر گلبرگ میں تین پلاٹس کو سیل کردیا گیا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں اور کمرشل مارکیٹس میں تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بھرپور مہم جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے سمندری روڈ سے پختہ تجاوزات جبکہ گلستان کالونی میں ناجائز تعمیرات کو مسمار اور غیر قانونی کمرشلائزیشن پر گلبرگ میں تین پلاٹس کو سیل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ اجنید حسن منج کی زیر نگرانی اسٹیٹ آفیسر انیب اسلم رندھاوا کی سرپرستی میں ایف ڈی اے کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے آپریشن کرتے ہوئے سمندری روڈ پر پولیس چوکی کے قریب بھاری مشینری کے ذریعے پختہ تجاوزات کو مسمار کردیا جبکہ گلستان کالونی نمبر 2 میں غیر قانونی تعمیرات پر پلاٹ نمبر 231/B کو سیل کردیا گیا۔ ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ i، اسماء محسن کی زیر نگرانی ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے غیر قانونی کمرشلائزیشن پر گلبرگ میں پلاٹ نمبر 132/C، 201/C اور 312/C کو سیل کردیا گیا۔ ایف ڈی اے انتظامیہ

تھانہ تلمبہ کی حدود میں ڈاکوؤں کی یلغار، گھر میں لوٹ مار

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) تھانہ تلمبہ کی حدود میں ڈاکوؤں کی یلغار، گھر میں لوٹ مار، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوگئے، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں تھانہ تلمبہ کی حدود گاؤں 6 ایٹ اے آر پٹھاناں والا میں 4 مسلح ڈاکوؤں نے مقامی رہائشی فاروق شاہ کے گھر میں گھس کر لوٹ مار کی، ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بنایا، مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کردی جسکے نتیجے میں ایک خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا، ڈاکوؤں نے گاؤں میں سرعام

14 سالہ بھائی نے 5 سالہ بہن کو گولی ماردی، 5 سالہ فاطمہ دم توڑ گئی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) 14 سالہ بھائی نے 5 سالہ بہن کو گولی ماردی، 5 سالہ فاطمہ دم توڑ گئی۔ تفصیلات کہ مطابق میاں چنوں تھانہ تلمبہ کی حدود گاؤں 9 الف میں 14 سالہ بھائی نے گھر میں پڑی ہوئی پسٹل سے اچانک فائر کردیا، نتیجے میں گولی لگنے سے 5 سالہ فاطمہ دم توڑ گئی، اطلاع نہ کیلئے یہ کسی قیامت سے کم نہیں، اطلاع ملنے پر پولیس بھی پہنچ گئی اور قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔

گاؤں 83 پندرہ ایل میں جانور کھیتوں میں داخل ہونے پر جھگڑا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) گاؤں 83 پندرہ ایل میں جانور کھیتوں میں داخل ہونے پر جھگڑا، 6 افراد زخمی، ہسپتال منتقل۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے نواحی گاؤں 83 پندرہ ایل میں جانور کھیتوں میں داخل ہونے پر دو گروپوں میں جھگڑا ہوگیا، جھگڑے کے نتیجے میں 6 افراد زخمی ہوگئے، زخمیوں میں عدیل، شبیر، سجاد، سلیم، مالا خان اور شہزاد شامل ہیں، جنہیں ٹی ایچ کیو ہسپتال میں منتقل کردیا گیا، پولیس نے کاروائی شروع کردی۔

کوٹلی لوہاراں: جعلی عطائی ڈاکٹر نے غلط انجکشن لگا کر تین بچوں کا باپ مار ڈالا

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) تھانہ کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ کے نواحی شیر پور میں جعلی عطائی ڈاکٹر نے غلط انجکشن لگا کر تین بچوں کے باپ کو مار ڈالا۔ تفصیلات کیمطابق تھانہ کوٹلی لوہاراں کے نواحی شیر پور میں نام نہاد جعلی عطائی ڈاکٹر اکرام نے عرصہ دراز سے کلینک بنا رکھا ہے 25 سالہ صغیر جو کہ بخار مبتلا تھا بخاری میڈیسن لینے کیلئے جعلی عطائی ڈاکٹر اکرام کے پاس بخاری دوائی لینے گیا جس پر جعلی عطائی نے صغیر کو فوری طور غلط انجکشن لگا دیا جسکی وجہ سے غلط انجکشن لگنے سے بازو میں زہر پھیلنے سے تین بچوں کا باپ صغیر جاں بحق ہوگیا لواحقین نے جعلی عطائی ڈاکٹر کیخلاف محکمانہ کاروائی مقدمہ درج کرنے کیلئے درخواست کاروائی شروع کردی۔

نہر والا میں چوری کی واردات کرنیوالا چور بھاگتے ہوئے گرفتار

چور کو پکڑ کر لوگوں نے چور کی درگت بنا دی چور شاہ یکہ کا رہنے والا ہے



دیپال پور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا نواحی گاؤں نہراں والا میں دن دہاڑے چوری کی واردات چور چوہدری مبین منیس کہ ڈیرے کے قریب بکری چوری کر کے فرار ہو رہا تھا علاقے کے لوگوں نے دیکھا کہ چور بکری چوری کر کے فرار ہو رہا ہے مالک نے چیخ پکار کی تو علاقے کے لوگ چور کے پیچھے بھاگنا شروع کر دیا چور لکڑ والا کی آبادی جنڈ والا کھوہ کے قریب چور کو پکڑ کر لوگوں نے چور کی درگت بنا دی چور شاہ یکہ کا رہنے والا ہے اور بہت بڑی وارداتیں کرتا ہے چور کا تعلق بلوچ خاندان سے ہے جو بکریاں چوری کرتے ہیں پہلے بھی بہت سی چوریاں میں ملوث ہے یہ گینگ دن دہاڑے واردات کرتے ہیں تھانہ صدر دیپال پر کی چوکی پیلی پہا

روزنامہ "قوت" لاہور (2 اکتوبر 2024)

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور
ALL PAKISTAN NEWSPAPER
قوت
ایڈیٹر: محمد عمران

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات قابل شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

درنگلی نام

میرا نام خالدحمد ہے جو کہ للطی کے ساتھ شناختی کارڈ نمبر کا ہے اور محمود لکھا گیا ہے میرا شناختی کارڈ نمبر 34101-9152461-2 ہے والد کا نام ہمراہیم ہے اور میں گلا گوجرنسٹ سکول والا، نزد ملدین پاکستان، ساہیوال کا رہنے والا ہوں۔ شناختی کارڈ نام کی درنگلی کی جاتی ہے۔

تقیہ | تقیہ جات | 1

عدم تشدد کا نظریہ انسانیت کا سب سے بڑا نظریہ ہے، شدد کی سنگ کا علم جیسا بلکہ مرید کیا پیدا کرتا ہے۔ مریم فاز ازیف نے کہا کہ عدم تشدد کا راستہ اپنانے والا معاشرہ ہی ترقی اور استکام کو پاتا ہے کامرن ہوتا ہے، باہمی اختلافات کو پاتا جیت حل کے گچھو کو فروغ دیا جاتے، پنجاب حکومت تعمیر بھلائی راہ اختیار کرنے کے لئے ہدوقت تیار ہے۔ ایک پنجاب کی تعمیر میں مصروف ہے جہاں ہر شخص کو امن سے جینے کا حق ہے اور قانون کی حکمرانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تشدد انتہا پسندی اور نفرت کے خلاف عدم تشدد کے پیغام کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، پرامن پاکستان کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کریں۔

تقیہ | تقیہ جات | 2

ناہل کیا گیا، ملک سیاسی طور پر مفلوج کیا گیا، یہ سب کیا ہے؟ آئینی خلاف ورزی کی بھی کیا، کتنا ہم پی ٹی آئی نے پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے سیاسی جماعت کے طور پر حکومت میں رہنا پیا ہے، اپوزیشن میں رہنا پیا ہے، پالیسی بنائی ہے، ہم نے لیگ کے رہنما نے کہا کہ بھی شارٹ مارچ، بھی لانگ مارچ، بھی اسمبلی آباد کا تھا اور بھی حکومت تو دی، بھی ایف آئی ٹی ملک میں اتنی تشدد اور افراتفری چاہتی ہے۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کو روکنا آئین، قانون اور جمہوریت کے لیے ضروری ہے۔ تحریک انصاف کی سے دوچار قسم کرنے کو چتا رہیں۔ انہوں نے یہی کہا کہ تحریک انصاف کے ساتھ چلنے کو تیار ہیں، کام کرنا چاہتے ہیں، یہ کہ طور پر جمہوری رویے پر چلیں آگے ہی۔

تقیہ | تقیہ جات | 3

کی تیاریوں پر اجلاس ہوا، اجلاس میں سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل سیکریٹری، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈی سی اسلام آباد شریک ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے اسلام آباد کے ایس، سیکٹر کمانڈر پاکستان ریلوے اور کسٹمز اداروں کے نمائندے بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں ایس سی او سربراہی اجلاس سے متعلق سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور سب کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر ڈی سی راولپنڈی نے کہا کہ ہم سب کو ملکر اس کانفرنس کو کامیاب بنانا ہے، ہمارے ملک کی بدنامی کا باعث بننے والے کسی کو نہیں چھوڑیں گے۔ ڈی سی راولپنڈی نے کہا کہ ایس او پیز کے تحت سب موقعوں واضح کیے جائیں گے۔ ڈی سی راولپنڈی نے کہا کہ ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والے کسی کو نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو ملکر اس کانفرنس کو کامیاب بنانا ہے۔

تقیہ | تقیہ جات | 4

میزائل حملے کے بعد اپنی تمام پروازوں کو ایرانی فضائی حدود کے استعمال سے معطل کر دیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق ایران کی فضائی حدود استعمال نہ کرنے سے متعلق فلائٹ ایڈوائزری جاری کر دیا جائے ہے۔ ترجمان پی آئی اے کا مطابق ایران کی فضائی حدود استعمال نہ کرنے کے باعث تمام پروازوں کو ایران کے اوپر سے نہ اڑایا جائے گا۔ ترجمان پی آئی اے نے بتایا ہے کہ پی آئی اے ایران کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں، ہم ایران کی فضائی حدود استعمال نہیں کر رہے، ہم نے پروازوں کو ایران کی فضائی حدود سے دور کر دیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں پروازوں کو ڈیزل سستا ہونے پر کرایوں میں کمی کی جا چکی ہے، مریم اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل پانچویں مرتبہ پٹرول کی قیمتوں میں کمی کی جا رہی ہے، مریم اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب میں پٹرول سستا ہونے پر کرایوں میں بھی کمی ہو رہی ہے، پنجاب میں پٹرول ڈیزل سستا ہونے پر کرایوں میں کمی کرنی چاہیے۔

تقیہ | تقیہ جات | 5

ایف آئی اے، ایف آئی اے ایئر پورٹ سرکل کے ایک ایف آئی اے کے ایک ایف آئی اے کے ایک ایف آئی اے

ہفتہ بھر فلسطین کے حوالے سے جماعت اسلامی کے وفود کی تاجر برادری سے ملاقات

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور تعلیمی ادارے فلسطینی مسلمانوں کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے بھرپور کردار ادا کرے

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نومنتخب عہدیداران اور تعلیمی اداروں کے سربراہان سے ملاقاتیں

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لاہور چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کامیاب ہونے والے فلسطینی مسلمانوں کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے بھرپور کردار ادا کرے

الائنس سے ہفتہ یکجہتی فلسطین کے حوالے سے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ وفد میں سیکرٹری اطلاعات خالد احمد بٹ، نائب امیر امیر لاہور جماعت اسلامی لاہور انجینئر اخلاق احمد، ملک شاہد اسلم، سابق صدر ریاض الحسن اور سید راشد وڑائچ شاہد نوید بٹ شریک تھے۔ ملاقات میں امیر لاہور نے نومنتخب عہدیداران کو ایکشن میں کامیابی پر مبارکباد دی اور ہفتہ یکجہتی فلسطین کے حوالے سات اکتوبر کو لاہور چیمبر اف

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 34

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لاہور چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کامیاب ہونے والے الائنس سے ہفتہ یکجہتی فلسطین کے حوالے سے وفد کے ہمراہ صدر لاہور چیمبر کے عہدیداران کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

صوبہ بھر میں ڈینگی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا جائے

صوبائی وزیر صحت خواجہ کی مقامی ہوٹل میں ڈینگی کی کلینیکل مینجمنٹ کے عنوان پر ماسٹر ٹرینرز کی ریفریشر ٹریننگ میں شرکت

ماسٹر ٹرینرز کیلئے دو روزہ ریفریشر ٹریننگ کا اہتمام کروانے پر ذمہ داران کو شاباش دیتے ہیں، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے مقامی ہوٹل میں ڈینگی کی کلینیکل مینجمنٹ کے عنوان پر ماسٹر ٹرینرز کی ریفریشر ٹریننگ کا اہتمام کروانے پر ذمہ داران کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ماسٹر ٹرینرز کیلئے دو روزہ ریفریشر ٹریننگ کا اہتمام کروانے پر ذمہ تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 35

پروفیسر صوبیہ اقتدار عالی ادارہ صحت سے ڈاکٹر جمشید و دیگر ماہرین کے علاوہ ماسٹر ٹرینرز کی کثیر ٹریننگ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ٹریننگ کا اہتمام عالی ادارہ صحت اور ڈی ایف اے کی کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین ڈی ایف اے پروفیسر عمران

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے مقامی ہوٹل میں ڈینگی کی کلینیکل مینجمنٹ کے عنوان پر ماسٹر ٹرینرز کی ریفریشر ٹریننگ کے بعد گروپ فوٹو

گوشوارے جمع نہ کرانے پر 18 ارکان اسمبلی نااہل قرار

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سالانہ گوشوارے جمع نہ کرانے پر قومی اور صوبائی اسمبلی کے 18 ارکین کو نااہل قرار دے دیا۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن نے قومی اسمبلی کے 11 اور سندھ اسمبلی کے 7 ارکین کو نااہل قرار دینے کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے نااہل کیے جانے والے قومی اسمبلی کے ارکین میں خرم دستگیر، محصن اللہ، سید محمود شاہ، ثمینہ کمال الدین، عصمت اللہ، سید محمود شاہ، ثمینہ مطلوب، مس نصیبہ، شمیم آرا بلوچ، محمود شاہ اور روبینہ عرفان شامل ہیں۔

عرفان صدیقی کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے جمعیت علماء اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے ان کی رہائش گاہ پر جا کر ملاقات کی۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے ملاقات میں مولانا فضل الرحمان سے سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں مولانا فضل الرحمن کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود اور پارٹی رہنما سلمان کیلانی بھی موجود تھے۔

پاک فوج پر فخر ہمائیں کروڑ خوام پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں' مرکزی علماء کونسل

پاک افواج کا ہر جوان قابل احترام ہے اور پوری قوم کو انکی قربانیوں پر فخر ہے، مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علما کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ فوج کیخلاف پروپیگنڈہ کرنے والے اپنا قبلہ درست کریں، پاک فوج پر ہمیں فخر ہے کوئی غلط فہمی میں نہ رہے پاک سرکروڑ خوام پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں، پاک افواج کا ہر جوان قابل احترام ہے اور پوری قوم کو انکی قربانیوں پر فخر ہے۔ اس خیالات کا اظہار انہوں نے تحفظ ناموس رسالت ﷺ ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 41

سیکرٹری فوڈ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ کا سیالکوٹ دفاتر کا دورہ

مختلف سیکشنز کا دورہ، رجسٹریشن، ٹریننگ اور دیگر افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) سیکرٹری فوڈ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے سیالکوٹ دفاتر کا دورہ کیا، ڈپٹی ڈائریکٹر نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ضلع بھر میں آپریٹر بارے تفصیلی بریفنگ دی، انہوں نے مختلف سیکشنز کا دورہ کرتے ہوئے رجسٹریشن، ٹریننگ اور دیگر ونگز کے افسران و ملازمین کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری فوڈ کا کہنا تھا کہ تفلیمی اداروں میں غیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے ملاوٹ کیخلاف آگاہی پھیلائی جائے، صحت دشمن عناصر کیخلاف

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 40

سیکرٹری فوڈ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ مختلف خوراک سیالکوٹ کے گوداموں میں ذخیرہ شدہ گندم کا معائنہ کر رہے ہیں

اسرائیلی فوج میں شامل قادیانی فلسطینی مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں، جے یو آئی

مسلمانوں کو اسلام اور عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے جدید صلیبی جنگ سے سرشار ہو کر میدان میں نکلنا ہوگا

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تجاہی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور شاہد اقبال ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور محمد فضل شاہ، جنرل سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی فوج میں شامل قادیانی فلسطینی مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں، مسلمان

باقی صفحہ جدید نمبر 39

خالد مقبول صدیقی 3 روزہ دورے پر عمان پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان خالد مقبول صدیقی 3 روزہ دورے پر عمان پہنچ گئے۔ ایم کیو ایم کے ترجمان کے مطابق ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی عمانی وزارت تعلیم کے حکام سے ملاقاتیں کریں گے۔ ایم کیو ایم کے ترجمان نے بتایا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ مسقط عمان کے نے مدارس وفاقی وفد کے اعزاز میں کل تقریب کا اہتمام کر رہے ہیں۔

صدیق اکبرؓ کی زندگی امت مسلمہ کے ہر فرد کیلئے مشعل راہ ہے' سی علما کونسل

امت کا ہر فرد صدیق اکبرؓ کی زندگی کو مکمل طور پر اپناتے ہوئے معاشرے میں بہترین کردار ادا کر سکتا ہے، سید نا صدیق اکبرؓ کی ذات مبارکہ امت کیلئے مینار نور ہے، اجلاس میں زیر التوا ٹیکسز کے چالانوں کی بروقت تکمیل کیلئے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا، سی پی او ڈاکٹر عمر صدیق" انجیا کے بعد اس امت کے سب پہلے اور حق وصداقت کے امام ہیں۔

لاہور (این این آئی) صدر سی علما کونسل لاہور و مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا حافظ حسنین احمد نے کہا ہے کہ صدیق اکبرؓ کی زندگی امت مسلمہ کے ہر فرد کیلئے مشعل راہ ہے، امت کا ہر فرد صدیق اکبرؓ کی زندگی کو مکمل طور پر اپناتے ہوئے معاشرے میں بہترین کردار ادا کر سکتا ہے، سید نا صدیق اکبرؓ کی ذات مبارکہ امت کیلئے مینار نور ہے، اجلاس میں زیر التوا ٹیکسز کی وصولی کی تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر مولانا حافظ حسنین احمد نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر مولانا حافظ حسین گرمانی، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد ساحانی، ایس ایم پی آر ٹیکل جاوید، ایڈووکیٹ سید عاشق حسین گرمانی، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد ساحانی، ایس ایم پی آر ٹیکل جاوید، ایڈووکیٹ سید عاشق حسین گرمانی، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد ساحانی کمرشل استعمال ریگولرائز کرنے کے لئے تجاویز تیار کرنا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 38

سی سی پی او لاہور کی افسران کو کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت

فرائض کی انجام دہی میں عدم دلچسپی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

پولیس افسران کرائم فری سوسائٹی کے قیام کیلئے اپنا شبت کردار ادا کریں' بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت سینٹرل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ماہ ستمبر ملزمان کے زیر تفتیش مقدمات اور پینڈنگ روڈ ٹریفکیشنز کی تکمیل میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں زیر التوا ٹیکسز کے چالانوں کی بروقت تکمیل کیلئے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سی پی او

باقی صفحہ جدید نمبر 46

اصل کے نام پر جعلی دودھ بیچنے والا مافیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں

700 لٹر تیار جعلی دودھ تلف، مکسنگ مشین، سپلائر موٹر سائکل، ڈرم ضبط، مقدمہ درج، ڈیری شاپ بند

جعلی دودھ یا ڈور، سنتھیٹک گھی اور ممنوعہ اجزا کی ملاوٹ سے تیار کیا جا رہا تھا' ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عامر جاوید

لاہور (سٹیشن رپورٹر) اصل کے نام پر جعلی دودھ بیچنے والا مافیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں آ گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے چندراتی روڈ پر واقع ٹک شاپ پر چھاپہ مارا اور 700 لٹر تیار جعلی دودھ تلف کے مکسنگ مشین، سپلائر موٹر سائکل، ڈرم ضبط کر کے مقدمہ درج کر دیا اور ڈیری شاپ بند کر دی گئی۔ تفصیلات کے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 45

پاپولیشن کونسل اور آئی پی اے ایس پاکستان کے زیر اہتمام ایک اہم اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں پاکستان میں ابورشن کے بعد کی دیکھ بھال کے طریقوں کو بہتر بنانے کے سلسلہ میں رپورٹ پیش کی گئی

ابورشن کو محفوظ طریقوں کو فروغ دینے کیلئے کلینیکل ٹریننگ اور صلاحیت کی تعمیر کی اہم ضرورت ہے' ثمن رائے

لاہور (این این آئی) پاپولیشن کونسل اور آئی پی اے ایس پاکستان کے زیر اہتمام ایک اہم اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں پاکستان میں ابورشن کے بعد کی دیکھ بھال کے طریقوں کو بہتر بنانے کے سلسلہ میں رپورٹ پیش کی گئی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاپولیشن کونسل اور آئی پی اے ایس پاکستان

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 44

وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین کی ہدایت پر صوبہ بھر میں ڈیری سٹیشنز کی ناکہ بندی

صوبہ بھر سے 12 لاکھ 84 ہزار 775 لیٹر دودھ کا معیار چیک، 1398 لیٹر ملاوٹ، ناقص دودھ تلف

122 گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر موجود دودھ کا تلف اور ملاوٹ زدہ پائی گئی' وزیر خوراک بلال یاسین

لاہور (سٹیشن رپورٹر) وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین کی ہدایت پر صوبہ بھر میں ڈیری سٹیشنز کی ناکہ بندی کے دوران 1811 دودھ بردار گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی چیکنگ کی، صوبائی محکمہ خوراک پنجاب کے ترجمان کے مطابق صوبہ بھر سے 12 لاکھ 84 ہزار 775 لیٹر دودھ کا معیار چیک کرتے ہوئے 21 مومے نمل پائے گئے۔ صوبہ بھر سے 1398 لیٹر دودھ تلف

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 43

لاہور، جنرل ہسپتال میں ای این ٹی ڈاکٹرز کے تربیتی کورس کے شرکا کے مہمان خصوصی پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کے ہمراہ گروپ فوٹو

کراچی کے صارفین کیلئے بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان، فیصلہ (آج) ہوگا

کراچی (این این آئی) کراچی کے صارفین پر بجلی مزید 51 پیسے مہنگی ہونے کا امکان ہے جس کا فیصلہ (آج) جسٹر انکوائری ٹریبنل پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کرے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کراچی کے الیکٹرک کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 49

وفاقی، صوبائی حکومت کی جانب سے بجلی کے بلوں میں ریلیف ختم کر دیا گیا

وفاقی حکومت نئے مقررہ ٹیرف کے مطابق پروٹیکٹڈ صارفین کو بلنگ کرے گی

پنجاب حکومت کا 201 سے 500 یونٹس والوں کیلئے دو ماہ کا عارضی ریلیف بھی ختم ہو گیا

لاہور (این این آئی) وفاقی اور صوبائی حکومت نے جانب سے بجلی کے بلوں میں ریلیف ختم کر دیا گیا، رواں ماہ سے صارفین کو بجلی کے بلوں میں ریلیف نہیں ملے گا۔ وفاقی حکومت نئے مقررہ ٹیرف کے مطابق پروٹیکٹڈ صارفین کو بلنگ کرے گی، پروٹیکٹڈ صارفین کو وزیر اعظم نے 3 ماہ ریلیف دیا تھا، اکتوبر کے بلنگ سائیکل میں نئے ریٹ کے مطابق بلنگ کی جائے گی۔ پروٹیکٹڈ صارفین کو 1 سے 50 یونٹس تک 9 روپے 93 پیسے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 48

ڈپٹی چیئرمین سینٹ سے ایم پی اے فضل قادر مندوخیل کی ملاقات، صوبہ کی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان سے ڈوب کے ایم پی اے فضل قادر مندوخیل نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی فضل قادر مندوخیل نے ڈپٹی چیئرمین سینٹ جناب سیدال خان کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ پاکستان

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 47

لاہور، وزیر بلدیات و دیہات رفیق دیشان رفیق خصوصی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہاؤسنگ سکیموں کی منظوری میں غیر ضروری تاخیر نہیں ہونی چاہیے

وزیر بلدیات

غیر قانونی سکیموں کی ریگولرائزیشن سے شہریوں کے حقوق کا زیادہ بہتر تحفظ ہو سکے گا' ذیشان رفیق

ایسی اصلاحات متعارف کرائیں گے جس سے محکموں کی ذمہ داریوں کا تعین کرنے میں آسانی ہوگی' عاشق حسین کرمانی

لاہور (خبرنگار) وزیر بلدیات و دیہات پنجاب ذیشان رفیق نے زور دیا ہے کہ ہاؤسنگ سکیموں کی منظوری میں غیر ضروری تاخیر نہیں ہونی چاہیے کیونکہ یہ وقت منظوری نہ ملنے سے گریٹر کن کے دروازے کھلتے ہیں۔ وہ وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق خصوصی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس کا مقصد زمرہ اراضی کے بلاخیز بلاہنگ کمرشل استعمال ریگولرائز کرنے کے لئے تجاویز تیار کرنا ہے۔ کمیٹی کے شریک کنوینر وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین گرمانی، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد ساحانی، ایس ایم پی آر ٹیکل جاوید، خصوصی کمیٹی کے دوران کہا۔ انہوں نے کہا کہ بھاری کمیشنوں کے حصول کے لیے ماضی میں پلیٹز پارٹی مسلم لیگ (ن)، تحریک انصاف کی حکومتوں نے آئی پی میز پاکان کے ساتھ جو عوام اور ملک

باقی صفحہ جدید نمبر 50

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر صوبائی وزیر اسمبلی خزالہ کولو سے پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی اور صوبائی مشیر مینا مجید ملاقات کر رہی ہیں

مسائل کے حل کے لیے مخلص، ایماندار قیادت کی ضرورت ہے' غلام مصطفیٰ مغل

اپنی غلط پالیسیوں، نہ تجربہ کار نیم کی وجہ سے مسلم لیگ (ن) ملک کو معاشی طور پر تباہ کر رہی

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی کے ضلعی رہنما غلام مصطفیٰ مغل نے کہا ہے کہ ماضی کی طرح اس بار بھی اپنی غلط پالیسیوں اور تجربہ کار نیم کی وجہ سے مسلم لیگ (ن) ملک کو معاشی طور پر تباہ کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محلوں کے ساتھ مشیر مینا مجید ملاقات کر رہی ہیں

تل ابیب میں فائرنگ کا واقعہ، آٹھ افراد ہلاک، 7 دیگر زخمی

فائرنگ کا واقعہ یافا کے ساتھ جڑی سرحد پر پیش آیا، زخمیوں کی حالت نازک

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی پولیس نے اعلان کیا ہے کہ تل ابیب میں فائرنگ کے واقعے میں اب تک 8 افراد ہلاک اور 7 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ فائرنگ کا واقعہ یافا کے ساتھ جڑی سرحد پر پیش آیا تھا۔ جس کے نتیجے میں کئی اسرائیلی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے آٹھ مرنے والوں کے علاوہ سات

باقی صفحہ جدید نمبر 52

اسرائیل نے پروازوں کے لیے اپنی فضائی حدود کو بند کر دیا

ایرانی حملوں کے بعد فلائٹس کو دوسرے ملکوں کی جانب بھیجا جا رہا ہے، حکام

تل ابیب (این این آئی) ایرانی حملے کے بعد اسرائیل نے پروازوں کے لیے اپنی فضائی حدود کو بند کر دیا ہے اور فلائٹس کو دوسرے ملکوں کی جانب بھیجا جا رہا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اسرائیل

باقی صفحہ جدید نمبر 53

اسرائیل پر ایرانی حملے سے سونے اور تیل کی قیمت کو آگ لگ گئی، بازاروں میں ہنگامہ

حل ابیب (این این آئی) اسرائیل پر ایرانی حملے کے بعد سونے، تیل اور تحفظ پناہ گاہوں کی کرسیوں کی جاپانی این اور سوئس فرانک کی قیمتوں میں بڑا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نومبر میں تیل کے لیے بو ایس ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کروڈ تیل پر جمعی 1.66 ڈالر یا 2.44 فیصد بڑھ کر 69.83 ڈالر فی بیرل ہو گیا۔

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 54

اسرائیل نے ہماری سرنگوں کی پرانی اور جھوٹی ویڈیوز شائع کی ہیں، حزب اللہ

یہ سب کچھ کھلی نفسیاتی اور پروپیگنڈہ جنگ کے فریم ورک کے تحت کیا جا رہا ہے، بیان

بیروت (این این آئی) اگرچہ اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ اس نے جنوبی لبنان میں درجنوں زمینی کارروائیاں کیں اور اس نے ان کارروائیوں میں ایرانی حمایت یافتہ حزب اللہ کے سرنگوں اور ہتھیاروں کا پردہ فاش کیا۔ تاہم حزب اللہ نے اسرائیلی الزامات کی مکمل تردید کر دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پارٹی نے ایک بیان میں کہا کہ اسرائیلی فوج کی طرف سے حزب اللہ کے گوداموں کا پردہ فاش کیا۔

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 55

مظفر آباد، چیف آپریٹنگ آفیسر ٹیوٹا ڈاکٹر مسعود احمد بخاری، ٹیوٹا افسران کے ہمراہ ایس آئی ایف سی کے وفد کا گروپ فوٹو

مستقبل کے ای این ٹی سپیشلسٹ ڈاکٹرز کیلئے جنرل ہسپتال میں تربیتی کورس کا انعقاد

میڈیکل میں سپیشلائزیشن کا دور ہے، ینگ ڈاکٹرز انتھک محنت کو اپنا شعار بنائیں' پروفیسر الفرید ظفر

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کورس ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد الیاس اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا

لاہور (خبرنگار) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و ڈائریکٹر جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ میڈیکل کے شعبہ میں جدت آ رہی ہے اور آج کا شعبہ طب میں حقیقت میڈیکل کی سپیشلائزیشن کا دور ہے جس سے صرف نظر نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ علاج معالجے کی موجودہ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوان ڈاکٹرز کیلئے تحقیق اور تعلیمی سرگرمیوں پر مسلسل توجہ دینا اور محنت و مطالعے کی عادت کو اپنا شعار بنانا ناگزیر ہے تاکہ وہ کم سے کم وقت میں بہترین

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 37

پنجاب کے مختلف اضلاع میں دفعہ 144 کا نفاذ، لاہور بائیکاٹ میں چیلنج

دفعہ 144 کے نفاذ کو لاہور بائیکاٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ شیری ملک جسٹس اللہ نے لاہور بائیکاٹ میں متحرق درخواست دائر کی جس میں پنجاب کے مختلف اضلاع میں دفعہ 144 کے نفاذ پر قانونی اعتراضات اٹھائے گئے ہیں۔ متحرق درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے۔ پنجاب کے مختلف اضلاع میں دفعہ 144 کا نفاذ سیاسی بنیاد پر کیا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 60

پیٹرولیم مصنوعات، ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی پر پنجاب اسمبلی میں اظہار تشکر کی قرارداد جمع

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی پر پنجاب اسمبلی میں اظہار تشکر کی قرارداد جمع کروا دی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن رخسانہ پروین کے جانب سے جمع کروائی گئی جس کے متن میں کہا گیا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بتدریج کمی کی جائی سات

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 62

پی آئی اے کا ترکیہ کیلئے فلائٹ آپریشن عارضی طور پر معطل

اسلام آباد (این این آئی) عدم ایندھن کے باعث پی آئی اے نے ترکیہ کے لیے فلائٹ آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا۔ سول ایوی ایشن کے ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کی طرف سے ریاض کے جانب سے 13 اکتوبر تک پی آئی اے کی کوئی بھی پرواز ترکیہ کے لیے آپریٹ نہیں ہوگی۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے اسلام آباد اور لاہور سے ہفتہ وار 4 پروازیں ترکیہ کے لیے آپریٹ کرتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ استنبول ایئر پورٹ پر پی آئی اے انوینٹری اور سلاٹ کی مد میں عدم ایندھن پر 28 ستمبر سے پرسٹس بند کیا ہے۔

اسرائیل کا جنوبی شام میں تین طیارہ شکن ریڈار سٹیشنوں پر حملہ

غزہ اور لبنان کے بعد شام میں بھی اسرائیلی حملے شروع، حزب اللہ کے جوابی وار

دمشق (این این آئی) شام کے دفوعی ذرائع نے بتایا ہے کہ اسرائیل نے جنوبی شام میں کم از کم تین ایئر ڈیفنس ریڈار سٹیشنوں پر حملہ کیا ہے جن میں ایک سٹیشن فوجی ہوائی میدان میں نصب تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دوران حملوں نے اسوہ اشرکہ کے مغرب میں دو ریڈار سٹیشنوں کو نشانہ بنایا۔ جب کہ اسرائیل نے جنوبی شام میں کم از کم تین ایئر ڈیفنس ریڈار سٹیشنوں پر حملہ کیا ہے جن میں سے ایک اس علاقے میں ایک سوبر دما میں نصب تھا۔ ایک اور ڈرون نے ملحقہ سوبر دما میں ایک ریڈار سٹیشن کو نشانہ بنایا۔ ذرائع

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 64

پاک روس تجارت کے فروغ سے دونوں ممالک کو فائدہ ہوگا، پاکستانی سفیر

پاکستان اور روس کے باہمی تجارتی مواقع میں اضافہ ہوگا، محمد خالد جمالی

ماسکو (این این آئی) روس میں پاکستان کے سفیر محمد خالد جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان روس تجارتی و سرمایہ کاری فورم کے انعقاد سے پاکستان اور روس کے باہمی تجارتی مواقع میں اضافہ ہوگا، پاک روس تجارت کے فروغ سے دونوں ممالک کو فائدہ ہوگا۔ اس خیالات کا اظہار محمد خالد جمالی نے منگل کو یہاں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک روس تجارتی رابطوں کے فروغ سے پاکستانی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 42

پنتھوخوا میں پہلے تین ماہ کے دوران ٹیکسز میں 41 فیصد اضافہ ہوا، صوبائی مشیر خزانہ

گزشتہ سال کی اسی مدت کے 7.69 ارب روپے کے مقابلے میں 10.82 ارب روپے کا اضافہ ہوا

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلام کا کہنا ہے کہ صوبائی ریونیو اتھارٹی نے پہلے تین ماہ کے محصولات میں 41 فیصد اضافہ کر دیا۔ ریونیو اتھارٹی کے مطابق اس مالی سال کے دوران 10.82 ارب روپے کا اضافہ ہوا ہے جبکہ ڈیجیٹل بات یہ ہے کہ اسی مدت کے لیے ایف بی آر کی ٹیکس وصولی 25 فیصد ہے۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ پنجاب ہو یا کہ پنجاب اور سندھ کی ٹیکس وصولی میں کتنا اضافہ ہوا ہے۔

لاہور میں بدفعلی کے لئے استعمال ہونے والے 6 کم عمر لڑکے بازیاب

تحفہ سرائے میں کم عمر لڑکوں سے پیسوں کے عوض بدفعلی کروائی جا رہی تھی، ایک ملزم گرفتار، دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں پولیس نے کامیاب کارروائی کر کے بدفعلی کے لئے استعمال ہونے والے 6 کم عمر لڑکے بازیاب کروا لیے۔ اس اہم کارروائی کے دوران 6 بچوں کو ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایچ او تاندہ رانے دوران کارروائی کا کہنا تھا کہ ملزم کو گرفتار کر کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایس ایچ او کے ہمراہ کارروائی کے دوران 6 بچوں کو بازیاب کروایا گیا۔

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 65

لاہور سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد نیاض
جنرل ایڈیٹر صدف خالد چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر چوہدری عمران عزت
ڈپٹی ایڈیٹر محمد شہزاد میاں
لیگل ایڈوائزر وقار الدین ایڈووکیٹ سپریم کورٹ
چیئرمین احسن یوسف نے تجارت پبلشرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 بیاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور